آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق اشاعت ABC CERTIFIED انسانی حقوق پر پاکستان کا پہلا جریدہ

ماہنامہ ہیومن رائٹس کراچی پوسٹ

ڈیٹا پرائیویسی اور سیکیورٹی خدشات

اشاعت کے 14 سال مکمل

کورونا وائرس کی دوسری لہر

کشمیر پر عالمی برادری کی مجرمانہ خاموشی

آبادی کا تناسب بدلنا خطرناک اقدام

خواتین کی ترقی لیکن استحصال کے ساتھ

انسانی حقوق پر پہلی نیوز ایجنسی، حکومت پاکستان سے منظور شدہ

HRNW

اردو اور انگریزی میں خبروں کی ترسیل

www.hrnww.com hrnww.com/urdu

HRNW

WWW.HRPOSTPK.COM

"آمدنی سے بڑھ کر جائیدادیں اور شاہانہ طرز زندگی"

افسر شاہی کے احتساب کے لئے نیا قانون، عمل درآمد کے بغیر بے معنی

جائیدادیں آمدن سے مطابقت نہ رکھنے والا حکومتی ادارے کا افسر کرپٹ شمار ہوگا خود بر د ثابت ہونے پر ریکوری، عہدہ سے تنزلی، جبری ریٹائر کیا جاسکتا ہے وفاقی حکومت نے سول سرونٹس ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن رولز 2020 لاگو کر دیئے ہیں رولز 2 دسمبر کو وزیر اعظم نے نئے رولز کی منظوری دی تھی جس کے بعد 11 دسمبر کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا

اس نئے قانون کی تفصیل کے مطابق جائیدادیں آمدن سے مطابقت نہ رکھنے والا افسر کرپٹ شمار ہوگا، سول سرونٹ پر خود بر د ثابت ہونے پر ریکوری، عہدہ سے تنزلی، جبری ریٹائر کیا جاسکتا ہے، سول سرونٹس رولز لاگو ہونگے، جواب کیلئے دس دن، ملزم جواب نہ دے تو اتھارٹی 30 دن کے اندر فیصلہ کرے گی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ 13 صفحات پر مشتمل ایس آر او میں مس کنڈکٹ کی تشریح کی گئی ہے۔ مس کنڈکٹ سے مراد یہ ہے کہ تقرری، پروموشن، ٹرانسفر، ریٹائرمنٹ یا سروس کے دیگر معاملات میں سیاسی طور پر اثر ورسوخ استعمال کرنا ہوگا۔ کرپشن کے بعد کسی بھی ایجنسی سے پلی بارگین کرنا بھی مس کنڈکٹ ہوگا۔ سول سرونٹ کے خلاف انضباطی کارروائی جن بنیادوں پر کی جاسکے گی ان کے مطابق وہ افسر کرپٹ شمار کیا جائے گا جس کی اپنی یا ان پر انحصار کرنے والے اثاثہ جات خانہ کی جائیدادیں ان کے ظاہری ذرائع آمدن سے مطابقت نہ رکھتی ہوں۔ یا ان کا طرز زندگی ذرائع آمدن سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔ وہ تخریب کاری یا مشکوک سرگرمیوں میں ملوث ہوں۔ یا وہ سرکاری راز کسی غیر مجاز شخص کو بتانے کا مرتکب ہو۔ ایسی صورت میں ان کے خلاف انضباطی کارروائی ہوگی۔ ایس آر او میں سزا کی بھی تشریح کی گئی ہے۔ کم سزا (PenaltMinor) میں سرزنش (ensure)، سالانہ ترقی کی تنسیخی، متعین عرصہ کیلئے سالانہ ترقی کی انجماد جو زیادہ سے زیادہ تین سال کیلئے کی جاسکتی ہے۔ نچلے سکیل میں متعین عرصہ کیلئے تنزلی کی جاسکتی ہے۔ پروموشن بھی واپس لی جاسکتی ہے لیکن زیادہ سے زیادہ تین سال کیلئے۔ زیادہ سزا (PenaltyMajor) میں یہ شامل کیا گیا ہے کہ اگر سول سرونٹ پر خود بر د ثابت ہو جائے تو فائنل رولز کے تحت ان سے ریکوری کی جائے گی۔ نچلے سکیل میں تنزلی کی جاسکے گی۔ جبری ریٹائر کیا جاسکتا ہے۔ ملازمت سے فارغ کیا جاسکے گا۔ ملازمت سے برطرف کیا جا سکے گا۔ کسی سول سرونٹ کو سروس سے معطل کیا جاسکتا ہے یا جبری رخصت پر بھیجا جاسکتا ہے۔ دوران معطلی انہیں تنخواہ اور الاؤنس رول 53 کے تحت ملیں گے۔ انضباطی کارروائی کیلئے ضروری نہیں کہ انکوائری ہی کی جائے لیکن ایسی صورت میں الزام الیہ کو کارروائی کی بنیادوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ جس کیس میں انکوائری موقوف کی جائے گی اس میں الزام علیہ (ملزم) تحریری طور پر آگاہ کیا جائے گا کہ ان پر یہ الزامات ہیں جس کی بنیاد پر انہیں یہ سزا دی جاسکتی ہے۔ انہیں شوکاز جاری کیا جائے گا۔ انہیں جواب کیلئے کم سے کم دس دن کا وقت دیا جائے گا۔ اگر ملزم جواب نہ دے تو اتھارٹی 30 دن کے اندر فیصلہ کرے گی سوائے جس میں صدر یا وزیر اعظم اتھارٹی ہوں۔ اگر سول سرونٹ کے خلاف انکوائری ہو تو انکوائری افسر کو متعلقہ ریکارڈ سات دن میں فراہم کیا جائے گا۔ اس میں صرف دس دن تک اتھارٹی توسیع کر سکتی ہے۔ انکوائری کیلئے انکوائری افسر ملزم سے سینئر ہونا چاہئے۔ انضباطی کارروائی کی بنیاد واضح ہونی چاہئے۔ ڈیپارٹمنٹ کا نمائندہ مقرر کیا جائے۔ انکوائری افسر ایک بھی ہوسکتا ہے اور انکوائری کمیٹی بھی بنائی جاسکتی ہے۔ کسی وجہ سے انکوائری افسر یا انکوائری کمیٹی کے کسی رکن کو تبدیل بھی کیا جاسکتا ہے۔ گواہوں کے بیانات ریکارڈ کئے جاسکتے ہیں اور دونوں پارٹیوں کے گواہوں پر جرح بھی کی جاسکتی ہے۔ اگر ملزم مقررہ عرصہ میں جواب نہیں دے گا تو انکوائری افسر یکطرفہ کارروائی کرنے کا مجاز ہے۔ انکوائری افسر یا انکوائری کمیٹی یومیہ سماعت کرے گی اور اگر کسی وجہ سے ملتوی کی جائے گی تو وجوہات تحریر کی جائیں گی۔ یہ التواء سات دن سے زیادہ نہیں دیا جاسکے گا۔ اگر انکوائری افسر یا کمیٹی یہ سمجھے کہ ملزم انکوائری کے عمل میں رخنہ ڈال رہا ہے تو اسے وارننگ دی جائے گی۔ اگر اس کے باوجود وہ باز نہ آئے تو کمیٹی کو اختیار ہے کہ جو طریقہ مناسب سمجھے اسے اختیار کرے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔ ملتبی بنیادوں پر التواء بھی رجسٹرڈ مجاز میڈیکل افسر کی سفارش پر ہوگا۔ انکوائری افسر یا کمیٹی انکوائری کو 60 دن میں مکمل کرے گی۔ انکوائری افسر کو کسی کو بھی طلب کرنے اور حلف پر بیان لینے کا مجاز ہے۔ اسے دستاویز کے حصول کا اختیار ہے۔ دستاویز یا گواہوں کے معائنہ کیلئے کمیشن تشکیل دینے کا اختیار ہے۔ اگر کوئی افسر جس پر الزام ہو اور وہ لازمی تربیتی کورس جو اس نے کر چکا ہو تو اسے ٹریننگ کورس مکمل کرنے کی اجازت ہوگی۔ اسکالرشپ کی صورت میں بھی یہ سہولت حاصل ہوگی۔ اگر کوئی ملزم رخصت پر ہو تو اختیاری رخصت منسوخ کر کے واپس طلب کرے گی۔ ذاتی شنوائی کا موقع دیا جائیگا۔ اگر کوئی افسر ڈیپوٹیشن پر ہو تو الزام کی صورت میں متعلقہ محکمہ الزامات کی چارج شیٹ بنا کر اس محکمہ کو دے گا جس سے افسر کا تعلق ہو۔ اگر آل پاکستان کا سروس کسی صوبے میں تعینات ہو تو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن چیف سیکرٹری سے کہے گا کہ فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کی جائے اور اسے دو ماہ میں مکمل کیا جائے۔ اگر کسی چیف سیکرٹری کے خلاف انضباطی کارروائی ہو تو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن وزیر اعظم کی منظوری سے یہ کارروائی کرے گا۔ سزا پانے والے ہر سول سرونٹ کو اپیل کا حق حاصل ہوگا۔ اگر صدر مملکت نے سزا دی ہو تو اس کے خلاف اپیل نہیں ہوگی البتہ ریویو آرڈر کی استدعا کی جاسکتی ہے۔

ملک میں؟ کرپشن کے خاتمے کے لئے یا کم از کم اس کا حجم کرنے کی غرض سے افسر شاہی کے لئے اس طرح کے قوانین لاگو کرنا ضروری تھا اس لئے تحریک انصاف حکومت کا یہ اقدام لائق تحسین ہے۔ اس ملک میں دراصل کرپشن کے اصل چوکیدار یہی افسر شاہی ہے جو چور کو کہتی ہے کہ چوری کرو اور گھر والوں کو کہتی ہے کہ آرام سے سو جاؤ میں چوکیداری کر رہا ہوں۔ اس قانون کے نافذ العمل ہونے کے بعد دیکھنا یہ ہے کہ اس پر عمل درآمد کس طرح ہوتا ہے کیونکہ عمل درآمد کرنے والی بھی تو افسر شاہی ہی ہے۔

اس قانون کی تناظر میں اگر دیکھیں تو سندھ کی بیوروکریسی یعنی افسر شاہی کرپشن میں سب سے زیادہ شتر بے مہار ہے، جہاں اہم ترین عہدوں پر 500 سے زائد ایسے افسران براجمان ہیں جو کہ نیب سے پلی بارگین کر کے اپنی جان چھڑا چکے ہیں اور اب جو کچھ نیب کو انہوں نے دیا تھا وہ سود سمیت وصول کرنے کے لئے اہم ترین مناصب پر کرپشن کی سرٹیفائیڈ پیپلز پارٹی کی حکومت کی آشیر واد سے قابض ہو چکے ہیں، اس لئے کہ یہ کرپشن سے کمانے کا ہنر جانتے ہیں اور پیپلز پارٹی کو ایسے ہی نابغہ روزگار سرکاری ملازمین کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کے "قاقہ زدہ" معدوں کو کرپشن کے اربوں؟، کھربوں؟ روپوں سے بھر سکے۔ اس ضمن میں ایم کیو ایم کے سلمان مجاہد بلوچ نے ایڈووکیٹ نے بھی سندھ ہائی کورٹ میں ایک آئینی درخواست دائر کی ہوئی ہے، نیب زدہ افسران کے خلاف ایم پی اے ایم کیو ایم کنور نوید جمیل کی درخواست پر سماعت مورخہ ۱۲ دسمبر کو مکمل ہو چکی ہے۔ عدالت میں طرفین کے وکلاء نے اپنے دلائل مکمل کر لئے ہیں۔ کنور نوید کی طرف سے سابق ایم این اے سلمان مجاہد ایڈووکیٹ نے پیروی کی اور اپنی آئینی درخواست کے حق میں دلائل پیش کئے۔ عدالت عالیہ کے دو رکنی بنچ جسٹس ندیم اختر اور جسٹس عدنان کریم نے فیصلہ محفوظ کر لیا ہے جواب موسم سرما کے چھٹیوں؟ کے بعد سنایا جائے گا۔ درخواست کے مطابق حکومت سندھ کی جانب سے غیر قانونی طور پر 500 سے زائد نیب سے پلی بارگین کرنے والے افسران کو اہم عہدے دیئے گئے ہیں۔ اس درخواست میں؟ سلمان مجاہد ایڈووکیٹ نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ پلی بارگینگ کرنے والے تمام افسران کو سپریم کورٹ کے 2016 کے فیصلہ کی روشنی میں فی الفور انکے عہدوں سے ہٹا کر نوکری سے برخواست کیا جائے۔ پانچ سو سے زائد افسران نیب قانون کے سیکشن ۵۲ کے تحت پلی بارگین اور والنٹری ریٹرن کا فائدہ لینے کے باوجود اعلیٰ عہدوں پر براجمان ہیں۔

ان دیکھنا یہ ہے کہ سندھ ہائی کورٹ اس بارے میں کیا فیصلہ دیتی ہے لیکن یہ ایک طے شدہ امر ہے کہ سندھ حکومت کو بھی اندازہ ہو چکا ہے کہ ان کی کرپشن کے 500 پیادوں کی رخصتی کا وقت آن پہنچا ہے اس لئے اب کرپشن کے میدان میں نئے ہرکارے اتارنے کی صف بندی کی جارہی ہے۔ اس قانون کی نفاذ کے بعد وفاقی حکومت کے لئے ضروری ہے کہ قومی احتساب ادارے کی بھی تشکیل نو کر کے اسے مزید طاقتور اور وسائل سے آراستہ کیا جائے تاکہ پورے میں اس قانون کی روح افسر شاہی جو پر اپرٹی زیادہ ترے نامی رکھتے ہیں ان کا سراغ لگا کر ان کے خلاف کارروائی کی جاسکے اور استقامہ کو مضبوط کرنے کے لئے سرکاری افسران کو بھی جدید خطوط پر تربیت دی جانی ضروری ہے۔

سندھ۔۔ ہر ادارہ کی سربراہ۔۔ مافیا

سندھ میں اس وقت مختلف چھوٹی بڑی کثیر طاقت اور ملی بھگت اور دیگر مافیا کام کر رہی ہیں جو اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے یا پھر اثر و رسوخ رکھنے والے افراد کے ذریعے ہر وہ کام کر رہے ہیں جس کے ذریعے ان کے بینک اکاؤنٹ اور دیگر آسائش زندگی و دیگر مراعات کے ساتھ ساتھ بچوں کے لئے ایک اچھا روشن مستقبل بنانے میں جائز یا ناجائز کام کرنے کی تگ و دو میں مصروف ہر وہ انسان جو قانون کو بالائے طاق رکھ

کے چاہے وہ کام انسانی زندگی کے لیے مضر کیوں نہ ہو صرف اپنے مفادات کے لئے سرانجام دے رہا ہے۔ حقیقت یہ ہی ہے کہ کچھ لوگ اثر ورسوخ رکھنے والے لوگوں کو کیش کراتے ہیں اور تو کچھ پیسوں اور رقم کے ذریعے یا اثر لوگوں کی سرپرستی میں اپنے کاروبار کے ذریعے دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرتے چلے جاتے ہیں اور کوئی اٹکا کچھ نہیں لگا سکتا۔ کیونکہ دست شفقت بڑی چیز ہوتی ہے مگر آج تک وہ آہنی ہاتھ آخر کس کا ہوتا ہے یہ کسی کو کچھ نہیں پتہ اور اگر پتہ بھی چل جائے لفافہ پالیسی کے ذریعے ایک اور مافیا اس آہنی ہاتھ کے سامنے رکاوٹ بن جاتی ہے اور اس طرح ایک مکمل چین کسی بھی گلے کی زینت بن کر خوب چمکتی ہے، اور یہ چمک سب کی آنکھوں کو اندھا، زبان کو گونگا اور کانوں کو بہرا کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے اور پھر یہی سے شروع ہوتا ہے عوام کا روایہ اور چھوڑ جاتا ہے نشان سوالیہ؟

کہنے کا مقصد یہ ہے گلے سے مافیا بننے کا سفر نہ جانے کیسے شروع ہوتا ہے۔ کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ والے جب شہر کراچی کے باسیوں کو پانی فراہم نہ کرسکیں اور عوام پیاس سے نڈھال ہو جائیں کیونکہ پانی انسان کی بنیادی ضروریات زندگی ہے مگر والو بورڈ ڈیم بھر جانے کے باوجود پانی عوام تک نہ پہنچا سکے تو پانی مافیا، ٹینکر مافیا کی پیدائیگری شروع ہو جاتی ہے اور پھر یا پانی عمر کے ساتھ بڑا ہو کر ایک طاقت ور مافیا بن گیا جسکے ہاتھوں شہر کراچی کے عوام یرغمال بنے ہوئے ہیں پھر اسی طرح گیس بجلی، ایل پی جی، اشیاء خورد ونوش، پھل فروٹ، گنگا، چھالیہ، ماوا، جیلانی، جس چیز کا مافیا، پیدا کرنا ہو اسکی قلت کردی جائے تو جیسے حالیہ دور میں بجلی، گیس، چینی و دیگر اشیائے ضروریات زندگی کی مصنوعی قلت پیدا کر کے خود ساختہ مہنگائی یا براہ راست مہنگائی کا اضافہ بوجھ عوام کے ناتواں کاندھوں پر ڈال دیا گیا اور چیز مہنگی ہونے کے باوجود بھی بازار سے غائب ہو جائے تو پھر ایک اور مافیا جنم لیتا ہے۔ جو لوگ منڈی میں گرین فوڈ زکی سپلائی کرتے ہیں اور وہ ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں وہ ذخیرہ اندوز مافیا کہلاتے ہیں۔

آبکل جو زہر ہر خاص و عام میں مقبول ہے وہ ماوا، گنگا، جیم، ون ٹو ون، و دیگر منشیات کی چیزوں کو بھی غائب کر کے اسکو بھی اسقدر مہنگا کردیا مگر پھر بھی اس کے کھانے والے کیا خوب کھاتے ہیں اور اسی کے باعث یہ مافیا خود عوام یعنی ان سب منشیات کو کھانے چبانے والوں نے پاور فل بنادیا۔ گنگا مافیا، جیلانی مافیا کے خلاف حکومت سندھ نے بند کرانے کی حتی الامکان کوشش کی اور ہماری فورسز کو بھی سلوٹ کیا جائے کہ انہوں نے خاطر خواہ طور پر نوجوان نسل کو اس سے دور رکھنے اور اس زہر کو بند کرانے کی کوشش میں سینکڑوں کارخانے بند بھی کروائے اور فورسز کی جتنی تعریف کی جائے اتنی کم ہے لیکن ذرائع کے مطابق صرف 20 فیصد بیچنے والے پولیس، رینجرز سے چھپ چھپا کر اس زہر کو بیچ رہے ہیں مگر جیسے ان کو علم ہوتا ہے وہ ان کو قانون کے شکنجے میں جکڑ لیتے ہیں اور جیل کی ہوا کھلاتے ہیں۔ مگر صورتحال اب یکسر تبدیل ہو گئی جیلانی، ماوا، اور گنگا جیسے زہر کھانے والے عوام اب بازار میں جب زہر نہیں مل رہا تو عوام میں نہ کھانے کی وجہ سے بے چینی پھیل گئی اور فی پڑیا 100 روپے کردی گئی جس کے باعث چھالیہ کے ریٹ بھی آسمان سے باتیں کرنے لگے۔ اور یہ ہی مافیا اب فی جیلانی 70 سے 100 روپے بیچ رہے ہیں اور یہ ایک اور مافیا معاشرے میں چھا گیا جسے جیلانی و گنگا مافیا کہا جانے لگا، اور اس زہر کے ہاتھوں سینکڑوں نوجوان اپنی زندگی کی بازی کینسر جیسے مہلک مرض میں ہتھا ر ہو کر ہار گئے اور سینکڑوں اسپتال میں زیر علاج ہیں اور وہ لوگ بھی ہیں جو متواتر اس زہر کا استعمال کر رہے ہیں اور ان کا منہ 80 فیصد بند کیا مگر پھر بھی کھانے سے باز نہیں اب تو عوام خود ہی لوازمات خرید کر اپنے گھروں میں اپنے لیے خود مرنے کا سامان یعنی زہر بنا کر کھا رہے ہیں اور بڑے فخر سے کہتے ہیں یار دیکھ میں نے کیسا زبردست ذائقہ بنایا ہے۔ اب حکومت، رینجرز، پولیس و دیگر محکمے کیا کریں۔ دراصل اب ہر ضروریات زندگی خواہ اس کا تعلق کسی بھی محکمے سے ہو اس کی مصنوعی قلت پیدا کر کے اور مافیا کے ذریعے خود ساختہ مہنگائی کر کے عوام تک پہنچانے کا کام اور مافیا کے ہاتھوں عوام کو یرغمال بنائے جانے کا عمل نہ جانے کب تک جاری وساری رہے گا اگر حکومت وقت اس ضمن میں مزید قانون پاس کر کے اس پر عملدرآمد کرائیں تو شاید کچھ بہتری آسکے ورنہ عوام اور ملک کا اللہ ہی حافظ ہے۔

نو پارکنگ سے آنے والی رقم شہر کے بلدیاتی نظام کی بہتری کیلئے خرچ کی جائے

شہر قائد میں جہاں نکاسی آب، پینے کے پانی کا مسئلہ، سڑکیں گلیاں اور شاہراہیں کھنڈرات کے ایکسٹرک کے ہاتھوں یرغمال عوام، پارکس اور کھیلنے کے میدان کچرا کنڈیوں میں منتقل ہونے جیسے مسائل سے دوچار ہے تو وہاں سب سے اہم مسئلہ پارکنگ اور ٹریفک جام ہونے کے باعث شہر قائد کے شہری سخت اذیت کا شکار ہیں۔ طارق روڈ، حیدری، برنس روڈ، لیاقت آباد، بوٹن مارکیٹ، جامع کلاتھ، لائٹ ہاؤس، صدر و دیگر مختلف مارکیٹوں میں کے ایم سی اور ڈی ایم سی کی پارکنگ موجود ہیں اور ان سے لاکھوں روپے کا ریونیو بھی حاصل ہو رہا ہے مگر یہ کہاں اور کس کی جیبوں میں جا رہا ہے یہ تو وہی لوگ بتا سکتے ہیں جو ان کے ٹھیکیدار ہیں یا جنہوں نے انکو ٹھیکے پر دے رکھا ہے۔ ایک طرف کے ایم سی اور ڈی ایم سی کے افسران بڑے پیمانے پر پارکنگ کے حوالے سے ریونیو جنریٹ کر رہے ہیں۔ تو دوسری طرف کراچی کی تقریباً چھوٹی بڑی مارکیٹوں میں پارکنگ الاٹ ہونے کے باوجود بھی کراچی کے شہری نو پارکنگ پر اپنی گاڑیاں پارک کر کے بری الزمہ ہو جاتے ہیں۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ ٹریفک پولیس کا محکمہ اپنے فرائض بڑی خوش اسلوبی سے انجام دے رہا ہے مگر خاص کر نو پارکنگ پر کھڑی گاڑیوں چاہے اس میں موٹر سائیکل ہو یا کار اس پر فوری کارروائی کا کیا جانا اور فوری آجانا اس معاملے میں ٹریفک پولیس کی کارکردگی کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، ادھر نو پارکنگ پر گاڑی کھڑی ہوئی ادھر ٹریفک پولیس کے اہلکار، جن کی فرشتے کی طرح نازل ہو گئے مقصد یہ نہیں کہ ٹریفک پولیس غلط کام کر رہی ہے مثال کے طور پر اگر ٹریفک اہلکار کسی بھی فرد کی (بائیک) موٹر سائیکل (اٹھا کر لے جاتے ہیں اور نہ جانے کتنے ہی نو پارکنگ پر ایسا ہوتا ہے اگر کسی کی موٹر سائیکل نو پارکنگ سے غائب ہو جاتی ہے تو اس شخص کو کیسے پتہ چلے گا کہ موٹر سائیکل چوری ہوئی ہے یا ٹریفک پولیس اہلکار اٹھا کر لے گئے ہیں۔ متاثرہ شخص پوچھتا ہوا ٹریفک چوکی پہنچ کر اپنے کاغذات دکھا کر موٹر سائیکل جرمانہ دے کر وصول کر لیتا ہے مگر نہ تو اس جرمانے کی کوئی سلپ ہے نہ وصول کنندہ گورنمنٹ کی جانب سے جرمانہ عائد کیے جانے کی رسید دیتا ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کی جانب سے یا ٹریفک پولیس کی جانب سے کوئی ایسا قانون ہے یا قواعد وضوابط ہیں کہ نو پارکنگ پر کھڑی موٹر سائیکل، کار، ٹرک یا کوئی بھی وہیکل کی جرمانے کی ریٹ لسٹ ہو مگر تا حال یہ ہی عمل ہوتا ہوا آرہا ہے کہ نہ تو موٹر سائیکل نو پارکنگ کی جرمانے کی وصولی کی فیس اور نہ ہی کار کی جرمانے کی ادائیگی کی وصول کی فیس کی پرچی متاثرہ شخص کو دی جاتی ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ روزانہ کراچی شہر کے مظلوم عوام سے نو پارکنگ کی صورت میں کروڑوں روپے وصول کیے جا رہے ہیں مگر اس کی کوئی قانونی رسید نہیں اور نہ اس کا کوئی حساب کتاب ہے آخر کراچی کے مظلوم اور مسائل سے گھرے عوام کی محنت کی کمائی سے کمایا جانے والا پیسہ ٹریفک پولیس کس مد میں خرچ کر رہی ہے جسکی نہ کوئی رسید ہے اور نہ قانون، آخر یہ کس کے حکم پر اور کس کی جیب میں جا رہا ہے۔ اس مد میں روزانہ لاکھوں روپے کراچی کے عوام دے رہے ہیں وہ بھی غیر قانونی جرمانے کی صورت میں۔ دوسری طرف سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو لوگ ٹریفک پولیس کے ٹرک میں یا گاڑی میں سوار ہو کر گاڑیاں اٹھاتے ہیں کیا وہ لوگ ٹریفک پولیس اہلکار یعنی گورنمنٹ کے ملازم میں یا کسی ٹھیکیدار کے چوکیدار ہیں آخر یہ کون لوگ ہیں؟ اگر یہ ٹریفک اہلکار ہیں تو انکی وردیاں کہاں ہیں اور یہ وردی کیوں زیب تن نہیں کرتے؟۔ کچھ وقت پہلے ٹریفک پولیس کی جانب سے موٹر سائیکل کی تصویر کشی کر کے ایس ایم ایس کر کے بھیج دی جاتی تھی ان کا قانونی لائق تحسین تھا مگر اس پر بھی چند دن عمل ہوا مگر پھر وہی کہانی رام لیلا کی۔

اس ضمن میں یہ ہونا چاہیے کہ حکومت کی جانب سے قانون بنایا جائے اور موٹر سائیکل کار اور جتنے بھی وہیکل ہیں انکے حوالے سے نو پارکنگ جرمانے کا قانونی اور جرمانے کی قانونی ریٹ لسٹ تیار کی جائے اور کوئی ایسا کوڈ بنا دیا جائے جو کراچی کی ہر لائسنس والی اور بنا لائسنس پر آویزاں ہو اور اس بار کوڈ میں حامل گاڑی کا نام موبائل نمبر وغیرہ درج ہو اور ٹریفک پولیس اہلکار نو پارکنگ پر کھڑی کوئی گاڑی اٹھانے سے پہلے اس گاڑی کی تصویر ضرور کھینچیں اور اس کے مالک کو ارسال کریں اور جب مالک آئے تو اسے غلط پارکنگ کا ثبوت فراہم کریں اور اگر کسی گاڑی رکھنے والے کے پاس نقد رقم نہ ہو تو اس جرمانہ کو براہ راست ایکسائز ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ ارسال کر دیا جائے جیسا کہ عرب امارات سمیت دیگر ممالک میں ہوتا ہے تاکہ جب مالک گاڑی کا ٹیکس یا ٹرانسفر کے لئے جائے تو پہلے وہ اپنی گاڑی پر واجبات ادا کرے پھر دیگر کارروائی کی جائے اس کے علاوہ جب مالک اپنی گاڑی وصول کرنے جائے تو اس کو جرمانے کی رسید اور جتنی رقم ادا کر رہا ہے اس کی رقم بھی اس پر درج ہو تا کہ نو پارکنگ کے جرمانے کی مد میں حاصل ہونے والی خطیر رقم کراچی کے کینٹوں کے بلدیاتی مسائل و دیگر کاموں کے حل پر خرچ کی جائے تاکہ کراچی کے غریب اور مظلوم عوام جو ٹریفک نو پارکنگ کی صورت میں لاکھوں روپے کا جرمانہ بھر رہے ہیں انکو بھی اس رقم کے کچھ ثمرات تو مل سکیں۔

کشمیر پر عالمی برادری کی مجرمانہ خاموشی

آبادی کا تناسب بدلنا خطرناک اقدام

کامران عباسی

جب میں چھوٹا تھا تو ریڈیو، ٹی وی پر نشر ہونے والی خبروں میں "عالمی برادری" کے الفاظ بار بار سنتا تھا۔ "عالمی برادری نے یہ کہا، عالمی برادری نے وہ کہا۔" "عالمی برادری ناراض ہے"، "عالمی برادری کا سخت ردعمل آیا ہے"... وغیرہ وغیرہ۔ کبھی کبھی عالمی برادری کا شکریہ بھی ادا کیا جاتا تھا۔ عالمی برادری کو میں نے خود سے ہی موٹو کردار تصور کرلیا تھا۔

ذہن میں عالمی برادری کے عجیب وغریب خاکے بنتے اور مٹتے رہتے تھے مگر یہ خاکے ایک دبنگ عورت کے ہوتے جس کے مزاج ہی نہیں ملتے تھے۔ مجھے ان خاکوں میں اپنی ہیڈ مسٹریس کی جھلک آتی تھی جو ہر وقت ایک بڑا سا بید کا ڈنڈا لے کر سکول میں گھومتی رہتی تھیں۔

یہ ان دنوں کی بات ہے جب سکولوں میں پیار نام کی چیز نہیں ہوا کرتی تھی، بس ماری مارتھی اور میڈم یا ہیڈ مسٹریس موقع پر ہی "انصاف" کی قائل تھیں۔ وہ بھی ہر وقت کچھ نہ کچھ کہتی رہتیں، اکثر نامعلوم وجوہ کی بنا پر ناراض رہتیں اور ہماری استانیاں ڈانٹ ڈپٹ کے باوجود ان کی شکر گذار نظر آتیں۔ کم از کم اس وقت مجھے یہی لگتا تھا۔

مگر دبنگ خاتون کا یہ تصور اس وقت چکنا چور ہو گیا جب میں نے اخبار پڑھنا شروع کیا۔ میں اس وقت چھٹی جماعت میں پہنچ چکا تھا اور اخبار میں دلچسپی ہو گئی تھی۔ عالمی برادری کبھی کسی بری بات پر خوش ہو جاتی تو کبھی اچھی بات پر ناراض، کشمیر کے معاملے پر عالمی برادری چپ سادھ لیتی تو بھارت کے ساتھ تجارت کے معاملے پر عالمی برادری پورے جوش وخروش کے ساتھ معاہدے کرنے پہنچ جاتی۔ کنفیوژن یہ تھی کہ ایک ساتھ ناراض، خوش، متفق اور تقسیم کیونکر ہوتی ہے، اس کے مفاد کا تعین آخر کس طرح ہوتا ہے اور معیار کیا ہے مگر بدلتے رہتے ہیں؟ یہ بات بہت دیر میں سمجھ آئی۔

بڑے ہوتے ہمیں بخوبی معلوم ہو گیا تھا کہ مسئلہ کشمیر عالمی برادری کا نہیں، ہمارا مسئلہ ہے اور اسے ہم نے ہی حل کرنا ہے۔ دھچکا اس وقت لگا جب دنیا

کے طاقتور ملک مشرقی تیمور اور دارفر کے معاملوں پر "عالمی برادری" بن گئے۔ یہ دونوں سیکی اکثریتی علاقے تھے اور یہاں کے عوام نے بالترتیب انڈونیشیا اور سوڈان کی مسلم آبادی کے ساتھ رہنے سے انکار کر دیا اور علیحدگی کی تحریکیں شروع کر دیں۔

عالمی برادری بے چین ہو گئی اور انصاف، انسانی حقوق، اظہار رائے اور حق رائے دہی جیسی آوازیں اٹھنے لگیں جو وقت کے ساتھ شدید ہوتی گئیں۔ امریکا اور یورپی ممالک کی بڑی تعداد مشرقی تیمور اور دارفر کے علیحدگی پسندوں کی کھلم کھلا مدد کو نکل پڑے تھے۔

مغربی میڈیا کی "رپورٹنگ" لوگوں کو مسیحی علیحدگی پسندوں کی حمایت میں سڑکوں پر لے آئی اور پھر عالمی برادری نے آخر کار انڈونیشیا اور سوڈان کو مشرقی تیمور اور دارفر میں ریفرنڈم کرانے پر مجبور کر دیا۔ یوں تھوڑے ہی عرصے میں دنیا کے نقشے پر دو نئی ریاستیں وجود میں آ گئیں۔

مگر کشمیر جسے اقوام متحدہ نے خود رائے شماری کا حق دیا اس پر آج بھی کوئی ملک عمل درآمد کرانے کو تیار نہیں۔ بھارت نے پانچ اگست 2019ء کو آرٹیکل 370 ختم کر کے متنازعہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت واپس لی تو لگا شاید کوئی اس کھلی غنڈہ گردی کے خلاف آواز بلند کرے لیکن بے سود۔ پچھلے سوا سال سے وادی میں کرفیو نافذ اور کاروبار زندگی بند، لوگ گھروں میں نظر بندی کی زندگی گذار رہے ہیں مگر عالمی برادری نجانے کہاں سو رہی ہے؟

گزشتہ ماہ ایک رپورٹ منظر عام پر آئی کہ آسٹریلیا کے خصوصی فوجی دستوں نے 2005ء سے 2016ء تک افغانستان میں اپنے قیام کے دوران بچوں اور کسانوں سمیت 39 نہتے افغان شہریوں کو جان بوجھ کر قتل کیا۔ آسٹریلوی فوج کے چیف آف ڈیفنس فورس آنکس کیمبل نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ قتل عام کے درجنوں واقعات ''میدان جنگ سے باہر'' کیے گئے تھے۔

رپورٹ کے مطابق خفیہ فوجی ٹیم نئے آنے والے سپاہیوں کو قیدیوں کو قتل کرنے پر مجبور کرتی تھی تاکہ وہ اپنا پہلا شکار کر سکیں۔ یہ ہولناک رسم خون بہانا کہلاتی ہے۔ واردات کے بعد یہ جونیئر فوجی واقعے کو جھڑپ بنا کر ظاہر کرتے تھے۔

رپورٹ میں ایک ایسے واقعے کا بھی ذکر ہے جب ٹیبل کا پٹڑ میں جگہ بنانے کے لیے آسٹریلوی فوجیوں نے ایک قیدی کو قتل کر کے پھینک دیا۔ مقتولین میں ایک چھ سالہ بچہ بھی شامل ہے۔ نہ جانے ایسے کتنے واقعات ہیں جو رپورٹ نہیں ہوئے۔

آسٹریلوی فوج کے سربراہ نے اپنے فوجیوں کے جنگی جرائم کا اعتراف کیا اور افغان عوام سے غیر مشروط معافی مانگی اور بتایا کہ ان کارروائیوں میں ملوث اہلکاروں کو سزا دینے کا فیصلہ خصوصی پراسیکیوٹر کرے گا کہ آیا انہیں سزا دی جا سکتی ہے یا نہیں؟

سفاکی کی یہ داستان سامنے آئے کئی روز ہو گئے مگر کیا آپ میں سے کسی نے اقوام متحدہ، انسانی حقوق کی تنظیم یا کسی مغربی ملک کی جانب سے مذمت یا افسوس کا بیان سنا؟ یقیناً نہیں کیونکہ مظلوم مسلمان ملک کے غریب شہری ہیں جو قتل بھی ہو جائیں تو دہشت گرد ہی کہلائے جاتے ہیں۔

افغان عوام بے بسی سے جن الاقوامی طاقتوں کی جانب دیکھ رہے ہیں جو معاملے کو جلد از جلد دبا دینا چاہتی ہیں۔ ان کا رویہ اس خاموشی کے مترادف ہے جو انہوں نے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی پر اپنائی ہے۔ اس معاملے نے مجھے پھر بچپن کی یاد دلا دی۔ ''عالمی برادری خاموش ہے، اور یہ خاموشی نہ صرف سنگدلانہ بلکہ مجرمانہ بھی ہے''۔ یعنی عالمی نظام میں موجود بڑے ممالک جو اپنے آپ کو انسانی حقوق کا چیمپئن کہلاتے ہیں، وہ کشمیر میں بھارت کے سفاکانہ جرائم میں برابر کے شریک ہیں۔

ہندوستان میں برسر اقتدار مودی حکومت، آر ایس ایس کے مکروہ اور انتہا پسندانہ مسلم مخالف ایجنڈے کی تکمیل میں گامزن ہے۔ ہندوستان میں مسلم مخالف شہریت ترمیمی ایکٹ (ActAmendmentCitizenship)، مقبوضہ جموں وکشمیر کا غیر قانونی انضمام، بابری مسجد کی جگہ رام مندر کی تعمیر کا فیصلہ، مسلمانوں کے جداگانہ عائلی قوانین کا خاتمہ، مقبوضہ جموں وکشمیر میں نئے ڈومیسائل قانون کی آڑ میں لاکھوں غیر ریاستی باشندوں کی آبادکاری، مقبوضہ جموں وکشمیر میں غیر انسانی لاک ڈاون اور بتدریج نسل کشی (Genocideincremental) یہ سارے اقدامات آر ایس ایس کے مسلم مخالف ایجنڈے کا حصہ ہیں۔ دفعہ 370 اور دفعہ 35-A کے خاتمے کے بعد ہندوستان نے مقبوضہ ریاست میں ہزاروں کی تعداد میں اضافی فوج تعینات کی ہے۔ اس وقت تقریباً 9 لاکھ بھارتی فوج نے مقبوضہ کشمیر میں ظلم و بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ 5 اگست 2019 کے بعد سے پوری مقبوضہ وادی بڑی انسانی جیل میں تبدیل ہو چکی ہے۔ ذرائع ابلاغ اور مواصلات کے تمام رابطوں کو بند کر دیا گیا ہے اور ہر قسم کی مذہبی، معاشرتی، معاشی، سیاسی اور تعلیمی سرگرمیوں پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ پبلک سیفٹی ایکٹ اور آرمڈ فورسز سپیشل پاور ایکٹ جیسے کالے قوانین کا بے دریغ استعمال کرتے ہوئے تقریباً چار ہزار سے زائد سیاسی قیادت کو نظر بند کر دیا گیا ہے اور تقریباً 14 ہزار نوجوانوں کو غیر قانونی طور پر گرفتار کرتے ہوئے جیس بے جا میں رکھا گیا ہے اور انہیں سنگین تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

> ہندوستان میں برسر اقتدار مودی حکومت، آر ایس ایس کے مکروہ اور انتہا پسندانہ مسلم مخالف ایجنڈے کی تکمیل میں گامزن ہے۔ ہندوستان میں مسلم مخالف شہریت ترمیمی ایکٹ (ActAmendmentCitizenship)، مقبوضہ جموں وکشمیر کا غیر قانونی انضمام، بابری مسجد کی جگہ رام مندر کی تعمیر کا فیصلہ، مسلمانوں کے جداگانہ عائلی قوانین کا خاتمہ، مقبوضہ جموں وکشمیر میں نئے ڈومیسائل قانون کی آڑ میں لاکھوں غیر ریاستی باشندوں کی آبادکاری، مقبوضہ جموں وکشمیر میں غیر انسانی لاک ڈاون اور بتدریج نسل کشی (Genocide incremental) یہ سارے اقدامات آر ایس ایس کے مسلم مخالف ایجنڈے کا حصہ ہیں

گذشتہ ایک سال کے عرصے میں سیکڑوں کشمیری نوجوانوں کو شہید کیا جا چکا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں مسلسل خوف کی فضاء طاری ہے، کشمیریوں کو روزانہ بدترین انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا ہے۔ وادی کی مقامی این جی اوز جموں اینڈ کشمیر کولیشن فار سول سوسائٹی کے مطابق صرف 2020 کے پہلے 7 مہینوں میں 347 نوجوانوں کو بے دردی سے قتل کیا گیا ہے۔

دفعہ 370 اور 35-A کے خاتمے کا مقصد؟

دفعہ 370 اور 35-A کے خاتمے کے بعد ہندوستان مقبوضہ کشمیر کے اندر تیزی سے آبادی کے تناسب کو تبدیل کر رہا ہے تاکہ مقبوضہ ریاست کے مسلم تشخص کو ختم کرتے ہوئے مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں بدلا جا سکے۔ اس سارے عمل کا بنیادی مقصد جموں وکشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے اطلاق کو ناکام کرنا ہے تاکہ رائے شماری کے عمل میں مسلم اکثریتی فیصلے کے امکان کو ختم کیا جا سکے۔ اس منصوبے کی تکمیل کے لیے ہندوستان نے اس سال 27 جون سے مقبوضہ جموں وکشمیر کے ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے آن لائن درخواستوں کا ایک تیز ترین نظام متعارف کروایا ہے جس کے ذریعے تقریباً 5 منٹ میں درخواست فارم مکمل کیا جا سکتا ہے۔ نئے ڈومیسائل قانون کے مطابق کوئی بھی غیر ریاستی شخص صرف 15 سال تک مقبوضہ ریاست میں رہائش پذیر رہنے پر اور تمام سرکاری ملازمین اور ان کے خاندان کے لوگ بشمول فوج کے ملازمین، صرف 10 سالہ خدمات کی انجام دہی پر مقبوضہ جموں و کشمیر کا ڈومیسائل سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

ابھی تک صرف چار ماہ کے قلیل عرصے میں تقریباً 22 لاکھ درخواستیں جمع ہو چکی ہیں جن میں سے ساڑھے 18 لاکھ غیر ریاستی باشندوں، آر ایس ایس کے انتہا پسندوں اور قابض فوج کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ لوگوں کو مقبوضہ جموں وکشمیر کے ڈومیسائل سرٹیفکیٹس تقسیم کیئے جا چکے ہیں۔ اتنے کم عرصے میں ساڑھے اٹھارہ لاکھ ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کی تقسیم سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ مودی حکومت کے مقبوضہ ریاست کے حوالے سے کیا مکروہ اور جارحانہ عزائم ہیں۔

مختصراً ہندوستانی منصوبہ ساز یہ چاہتے ہیں کہ:۔

۱۔ نئے ڈومیسائل قانون کے ذریعے تقریباً 50

لاکھ ہندوؤں اور غیر ریاستی باشندوں کو متبوضہ جموں وکشمیر کے ڈومیسائل سرٹیفکیٹس جاری کیے جائیں۔

۴۔ اگلے مرحلے میں لاکھوں ہندوؤں کی متبوضہ کشمیر میں آبادکاری کی جائے۔ چونکہ ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے حامل افراد متبوضہ کشمیر میں جائیداد خرید سکتے ہیں، ووٹ دے سکتے ہیں۔ لہٰذا خصوصی بستیاں آباد کر کے متبوضہ کشمیر میں آبادی کے تناسب کو تبدیل کیا جائے۔

۳۔ اس کے بعد ان نئی ہندو آبادیوں کو متبوضہ کشمیر کے اندر سرکاری ملازمتیں دینا تاکہ مقامی مسلمانوں کو معاشی اعتبار سے مزید کمزور کیا جاسکے۔

۴۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی کشمیریوں کے کاروبار کو تباہ کر کے نئی ہندو آبادیوں اور ہندوستانی سرمایہ کاروں کو متبوضہ کشمیر میں پروموٹ کرنا۔ کشمیر چیمبر آف کامرس کے مطابق 5 اگست 2019 سے لے کر آج تک مقامی تاجروں کو تقریباً 400 ارب روپے کا نقصان ہو چکا ہے جو کہ تقریباً 5.3 ارب ڈالر کے برابر ہے۔ اس کے نتیجہ میں متبوضہ کشمیر میں معاشی حالات انتہائی کشیدہ ہیں اور بے روزگاری میں شدید اضافہ ہو چکا ہے۔

۵۔ اگلے مرحلے میں متبوضہ جموں وکشمیر میں انتخابات کروا کر مودی حکومت بی جے پی کی حکومت بنوانا چاہتی ہے۔ تقریباً 50 لاکھ نئے ہندو ووٹرز کے ساتھ اور نئی حلقہ بندیوں کے بعد BJP کے لیے متبوضہ جموں وکشمیر میں حکومت بنانا آسان ہو جائے گا۔

۶۔ اس منصوبے کا سب سے اہم مقصد اقوام متحدہ کی قراردادوں کے اطلاق کو ناکام بنانا، تحریک آزادی کو ختم کرنا اور متبوضہ جموں وکشمیر کو مکمل طور پر عملاً ہندوستان میں ضم کرنا ہے۔ اگر کسی وقت اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کے لیے عالمی دباؤ بڑھ جائے تو آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے نتیجہ میں ریاست کا فیصلہ اپنے حق میں کروایا جاسکے۔

ہندوستان کے متبوضہ کشمیر میں کیے گئے اقدامات اور ان کے ممکنہ اثرات کی مفصل منظر کشی کرنے کا مقصد مسلمان کشمیریوں کو درپیش خطرات کے تناظر میں بین الاقوامی قوانین کے مطابق مستقبل کے لیے موزوں اور قابل عمل سیاسی، سفارتی اور قانونی لائحہ عمل کا تعین کرنا ہے۔ متبوضہ جموں وکشمیر کے معروضی حالات کا تیزی سے بدلتے ہوئے علاقائی وعالمی سیاسی منظر نامے کے تناظر میں تنقیدی جائزہ لینے سے محتاط اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آنے والے ڈیڑھ سے دو سال انتہائی اہم ہیں اور اگر اس عرصے میں متبوضہ کشمیر کے اندر ہندوستانی

اقدامات کو روکا نہ گیا تو متبوضہ جموں وکشمیر کے مقامی باشندوں کا سیاسی، معاشی وثقافتی استحصال و دبنے پیسنے پر نسل کشی نوشتہ دیوار ہے۔ وادی کشمیر میں مسلمانوں کی آبادی کے تناسب کو اگر کم کر دیا گیا تو ریاست کے پاکستان کے ساتھ الحاق کی خواہش اور کاوشیں کامیاب نہیں ہو سکیں گی۔

جہاں ایک طرف متبوضہ کشمیر میں انتہائی خطرناک صورتحال ہے وہیں بہت سارے مثبت پہلو بھی ہیں:

سب سے پہلے، متبوضہ جموں وکشمیر کے بہادر اور غیرت مند مسلمانوں کا جذبہ حریت، نوجوانوں کی لازوال قربانیاں اور کشمیری ماؤں اور بہنوں کا بے مثال صبر اس تحریک کے پیچھے بنیادی قوت محرکہ ہے۔

اس کے علاوہ 5 اگست 2019 کے بعد بین الاقوامی میڈیا میں متبوضہ کشمیر کی کوریج، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور دیگر انسانی حقوق پر کام کرنے والی تنظیموں کی مسئلہ کشمیر سے متعلقہ رپورٹس، اقوام متحدہ کے کشمیر برائے انسانی حقوق کی متبوضہ جموں وکشمیر میں ہندوستان کی طرف سے کی جانے والی انسانی حقوق کی پامالیوں پر دو مفصل رپورٹس اقوام متحدہ کے ملٹری ابزرور گروپ برائے انڈیا و پاکستان (UNMOGIP) کی رپورٹوں پر سلامتی کونسل کے مسئلہ کشمیر پر دو خصوصی اجلاس، کشمیری تارکین وطن (Diaspora) کا پوری دنیا بالخصوص یورپ، برطانیہ امریکہ اور کینیڈا میں مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لیے اہم کردار، پاکستان کی عوام اور مسلح افواج کا کشمیریوں سے غیر

متزلزل تعلق وہ مثبت پہلو ہیں جو مسئلہ کشمیر کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔

ہندوستان تمام تر فسطائی ہتھکنڈوں کے باوجود ناکام ہوگا:

تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جہد مسلسل ہمیشہ کامیاب رہی ہے۔ مثلاً 1823 میں فرانس نے الجزائر پر قبضہ کر لیا۔ 1848ء میں فرانس نے الجزائر کے مقامی باشندوں کو پوچھے بغیر اسے فرانس کا اٹوٹ انگ صوبہ قرار دے دیا۔ گورے فرانسیسی جوق در جوق الجزائر میں آباد ہونے لگے۔ انہوں نے صنعت، زراعت اور معدنیات پر قبضہ کر لیا مگر الجزائری کبھی بھی فرانس کا قبضہ ہضم نہ کر سکے۔ چنانچہ ایک سو چوبیس برس بعد 1954ء میں الجزائر میں جذبہ حریت کا لاوا ابل پڑا۔ حریت پسندوں اور قابض فوج کے درمیان آٹھ سال تک جنگ رہی جس میں ایک ملین الجزائری اور ہزاروں فرانسیسی فوجی مارے گئے۔ بالآخر 1962ء میں الجزائری فرانس سے آزادی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

اسی طرح 1975 میں پرتگال نے مشرقی تیمور کے جزیرے پر اپنا نوآبادیاتی قبضہ ختم کیا۔ مشرقی تیمور میں عیسائیوں کی آبادی تقریباً 8 لاکھ تھی۔ پرتگال کے بعد انڈونیشیا نے ایک سال بعد 1976ء میں اس پر قبضہ کر کے اسے اپنا 27 واں صوبہ قرار دیا مگر تیموریوں نے ہمت نہ ہاری اور بالآخر 1999ء میں اقوام متحدہ نے ریفرنڈم کرایا اور 99 فیصد آبادی نے آزادی کے حق میں ووٹ دے کر 2002 میں مشرقی تیمور کو ایک آزاد ملک کی حیثیت سے سامنے لایا۔

اسی طرح اسرائیل کب سے فلسطین کے بارے میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کو مسترد کرتا چلا آرہا ہے۔ گولان پر قبضہ، مشرقی یروشلم کو اسرائیل میں ضم کرنے اور متبوضہ علاقوں میں یہودیوں کی آبادکاری بھی اسرائیلی قبضے کو جائز نہیں بنا سکتی۔

بھارت اس قوم کو کیا شکست دے گا جن کا جذبہ حریت تمام ہتھکنڈوں کے باوجود ماند نہیں پڑ سکا بلکہ اس میں مزید تیزی آتی جارہی ہے۔ کشمیری ہر صورت پاکستان سے الحاق چاہتے ہیں اپنا جینا مرنا پاکستان کیساتھ چاہتے ہیں جس کا ثبوت یہ ہے کہ اپنی مذہبی پاکستانی پرچم میں پسند کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد شہدا کا لہو قربانیاں جذبہ آزادی رنگ لائے گا اور کشمیر آزاد ہوگا۔

☆☆☆

ڈیٹا پرائیویسی اور سکیورٹی خدشات

شاہد بھٹی

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال کے ساتھ ساتھ صارفین کیلئے اپنی ذاتی معلومات کا تحفظ ایک مستقل مسئلہ بنتا جارہا ہے تاہم مزید غور طلب بات یہ ہے کہ اگلی دہائی تک یہ ایک مسئلے کی بجائے خطرے کا روپ دھار چکا ہوگا، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارا ڈیٹا مختلف کمپنیاں غیر محسوس انداز میں اپنے پاس مسلسل محفوظ کررہی ہیں۔ ان کمپنیوں نے ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کیا کہ ہم صرف اپنے دوستوں کے ساتھ رابطے میں رہنے کے لیے، شہر کے آس پاس اپنا راستہ تلاش کرنے یا کوئی اپنی دلچسپی کی پراڈکٹ تلاش کرنے کے لیے جب ہم ہر نئے ڈیجیٹل ٹول کی خوبیوں کو سراہ رہے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے تازہ ترین اپیس کی باتیں کررہے ہوتے ہیں، کمپنیاں ہماری معلومات ہمارے خلاف استعمال کرنے کے لئے اربوں ڈالر کی جنگلی معلومات تیار کررہی ہوتی ہیں۔ ان کے نزدیک آپ بھی ایک پراڈکٹ ہیں جس کو انفارمیشن اکٹھی کرنے کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔

یہ معاملہ ایک واقعے سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تقریباً ایک ماہ پہلے میں نے اپنے اینڈرائڈ فون میں ایزی پیسہ کا اکاؤنٹ بنایا۔ پہلے پلے سٹور سے ایپ ڈاؤن لوڈ کی اور دی گئی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اس کو اپنے فون میں انسٹال کرلیا۔ اس کی تکمیل میں ایک مرحلہ انگوٹھا کی تصدیق کا تھا۔ وہ اس وقت نہیں کروایا کیونکہ اس کے لیے کسی شاپ پر جانے کی ضرورت تھی۔ اس کے بغیر اکاؤنٹ میں پیسے ٹرانسفر کئے جاسکتے ہیں لیکن نکال نہیں سکتے۔ ایک ٹرانزیکشن کرتے ہوئے کچھ پیسے بھی اس میں منتقل کیے۔ یہ کام میں نے اپنے فون سے کیا۔

اسی شام کو مجھے ایک دوست کی طرف سے فیس بک پر میسج ملا "بھائی جی کیسے ہیں، آپ کا کوئی ایزی پیسا اکاؤنٹ ہے؟ ایک ضرورت پڑ گئی تھی" جس دوست کی طرف سے یہ پیغام ملا وہ میرے لیے انتہائی قابل احترام شخص ہیں۔ میرے لیے حیرت اور پریشانی کی بات یہ تھی کے ان کو یہ کیسے پتا چلا کے میں نے ایزی پیسا اکاؤنٹ بنایا ہے۔

دوسری بات یہ کہ مجھے اس بات کا یقین تھا کہ یہ پیغام ان کی طرف سے نہیں ہوسکتا۔ پیغام ان کا نہیں تھا تو اس کا مطلب ان کا اکاؤنٹ بھی کوئی اور استعمال کر رہا تھا۔ میں انفارمیشن ٹیکنالوجی سے بخوبی آگاہ ہوں اور جن کی کی طرف سے یہ پیغام تھا وہ بھی نہ صرف کمپیوٹر کے ایکسپرٹ ہیں بلکہ کسی یونیورسٹی میں کمپیوٹر ڈپارٹمنٹ کے ہیڈ بھی ہیں۔ اس لئے ہم دونوں کو بخوبی علم ہے کہ فون میں وائرس بھی ہوسکتا ہے اور کوئی ایسی ایپلیکشن بھی ادارتاً یا اتفاقیہ طور پر انسٹال ہوسکتی ہے جو جاسوسی کا

کام کرتی ہو۔ تسلی کرنے کے لیے میں نے اپنے فون کو چیک کیا تو مجھے کوئی ایسی مشکوک ایپلیکشن فون میں نہیں ملی۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ سب کیسے ممکن ہے کہ میری معلومات نہ صرف ریکارڈ ہوئیں بلکہ اس کی اطلاع ایک ایسے شخص تک پہنچادی گئیں جس کے پاس فیسبک کے کچھ اکاؤنٹس تک غیر قانونی رسائی تھی اور وہ یہ بھی جانتا تھا کے میری فرینڈ لسٹ میں کون کون موجود ہے۔ اس نے ان معلومات کو استعمال کرتے ہوئے ایک فراڈ کرنے کی کوشش کی لہذا میں نے اس میسج کا جواب نہیں دیا۔

اس واقعے سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ کی ذاتی معلومات کتنی محفوظ ہوتی ہیں۔ آپ جب اپنے نام کی سم اینڈرائڈ فون میں ڈال لیتے ہیں اور سائن اپ پراسیس مکمل کرلیتے ہیں اس دن سے آپ گوگل کو اجازت دے دیتے ہیں کہ آج کے بعد وہ آپ کی ہر سرگرمی پر نظر رکھ سکتا ہے اور وہ مسلسل اس کو ریکارڈ کرتا رہتا ہے۔ گوگل ہر ایک سیکنڈ کے بعد ایک ڈیٹا پیکٹ جس میں آپ کی لوکیشن، فون کی بیٹری کا سٹیٹس اور کچھ اور تفصیلات گوگل سرور کو بھیجتا رہتا ہے۔ اگر آپ انٹرنیٹ سے کنیکٹ نہیں ہوتے تو وہ یہ انفارمیشن فون میں محفوظ رکھتا رہے گا اور جب آپ انٹرنیٹ سے فون کنیکٹ کرینگے تو وہ یہ فون کی سٹوریج میں موجود ڈیٹا سب سے پہلے گوگل کو بھیجے گا اور بعد میں کوئی اور کام کرے گا۔

اس دوران اپڈیٹنگ یا اس طرح کا کوئی میسج آرہا ہوتا ہے۔ اگر آپ زیادہ عرصہ انٹرنیٹ سے کنیکٹ نہیں ہوتے تو کچھ ایپلیکشنز کام کرنا چھوڑ دیتی ہیں اور وہ آپ کو مجبور کرتی ہیں کہ آپ انٹرنٹ سے منسلک ہوں تاکہ وہ آپ کی محفوظ کی گئی ذاتی معلومات گوگل سرور تک پہنچا سکیں۔

فون جتنا اچھا ہوگا وہ اتنے بہتر طریقے سے آپ کی سرگرمیوں پر نظر رکھ سکے گا۔ جتنے فون کی ان پٹ کے ذرائع ہیں وہ تمام انفارمیشن کو اکٹھا کرنے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ فون کا مائیک جو آواز کو ان پٹ کے طور پر لیتا ہے وہ بھی بات چیت کے علاوہ آپ کی ذاتی جاسوسی میں استعمال ہوتا ہے۔ آپ جو گفتگو کر رہے ہوتے ہیں اس کو پراسیس کرنے کے لیے لینگویج بنڈل، فون میں انسٹال ہوتے ہیں اور وہ آپ کی گفتگو چاہے وہ کسی لینگویج میں ہو اس کا فونیٹک ٹرانسکرپٹ بناتے رہتے ہیں اور اس ٹرانسکرپٹ میں سے خاص الفاظ جن کو کی ورڈز بھی کہا جاتا ہے، سلیکٹ کر کے مارکیٹنگ کمپنیوں سے شیئر کیے جاتے ہیں۔ جو بعد ازاں آپ کو ان سے متعلقہ اشتہارات، فیسبک، گوگل اور یوٹیوب یا جو بھی سوشل میڈیا کی ایپلیکیشن استعمال کرتے ہیں، وہاں پر نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں۔

آپ جو بھی چیز گوگل پر سرچ کرتے ہیں اس کے جواب میں جو آپ کو دکھایا جاتا ہے اس میں سے کچھ پرسنٹ صحیح ہوتا ہے باقی وہ دکھایا جاتا ہے جس کے لیے گوگل نے پیسے لیے ہوتے ہیں۔ جو لوگ سمجھتے ہیں وہ ان ویب سائٹ کو پہچان لیتے ہیں، جو نہیں سمجھتے ان کی سرچ کی سمت گوگل متعین کر رہا ہوتا ہے۔ گوگل یہ کیوں نہ کرے کیونکہ اس کی اربوں ڈالر آمدنی کا سب سے بڑا ذریعہ ہی سپانسرڈ سرچ ہے۔

آواز کے علاوہ امیج پراسیسنگ کے ذریعے آپ کی لی گئی تصاویر میں سے بھی جو معلومات ملتی ہیں وہ مصنوعی ذہانت استعمال کرتے ہوئے اس میں سے بھی مارکیٹنگ کی انفارمیشن لی جاتی ہے اور اس کو بھی بیچا جاتا ہے۔ آپ کس کس سے رابطے میں ہیں، کس سے کیا گفتگو ہوتی ہے، آپ کے فون میں کس طرح کے لوگوں کے نمبر محفوظ ہیں اور آپ کا اٹھنا بیٹھنا کن لوگوں کے ساتھ ہے، کس وقت آپ کہاں ہوتے ہیں اور اس کے علاوہ اور کچھ جو میں نہیں جانتا یہ سب آپ کے متعلق مسلسل ریکارڈ ہوتا رہتا ہے۔ فون آن ہے یا نہیں، اس سے قطع نظر آپ کا فون مسلسل آپ کی ہر طرح جاسوسی کرتا رہتا ہے۔

ایک مرتبہ سوچیں کہ پچھلے ایک سال آپ کیا کرتے رہے ہیں اور وہ سب کچھ گوگل کے پاس محفوظ ہو اور گوگل کی طرف سے آپ کو پیغام ملے کے آپ کا ڈیٹا ہمارے پاس محفوظ ہے لیکن اس کو سٹور رکھنے میں ہمارا خرچہ آرہا ہے۔ آپ کچھ پیسے دے دیں ورنہ آپ کا ڈیٹا پبلک کر دیا جائے گا۔ اس بات کی اجازت ان کو اینڈرائڈ فون استعمال کرتے وقت ان کو دے چکے ہوتے ہیں، قانونی طور پر بھی آپ ان کا کچھ نہیں کر سکتے۔

اس طرح کی جو اگلی چیز ہے وہ سمارٹ واچز ہیں یا فٹنس بینڈز ہیں۔ ان کا استعمال بتدریج بڑھتا جا رہا ہے۔ امریکہ میں ہر دسواں بندہ یہ فٹنس بینڈ استعمال کرتا ہے۔ یہ واچز خاموشی سے ایکسلرومیٹر اور گائرسکوپ سنسٹل اکٹھا کر کے ان کے مالکان کی جاسوسی کے آلات بن سکتے ہیں۔ اس آلے میں بہت سارے سینسرز ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر سطح سمندر سے اونچائی، ایئر پریشر، ہارٹ ریٹ کی شرح، بلڈ پریشر وغیرہ وغیرہ آپ کی ذاتی جسمانی معلومات اکٹھی کر کے شیئر کر رہے ہوتے ہیں۔ اگر یہ اعداد و شمار انشورنس والی کمپنیوں سے شیئر کرنا شروع کر دیں تو کمپنیاں اس ڈیٹا کا غلط استعمال بھی کر سکتی ہیں۔

جب تک سموں کی بائیومیٹرک تصدیق نہیں ہوئی تھی، اس وقت کچھ فون ٹھیک کرنے والے سموں کی کاپی بنا کر رکھ لیتے تھے اور اس کو کبھی کبھار استعمال کر کے بیلنس منتقل کرنے یا کچھ غیر قانونی کام کرتے تھے۔ بعد ازاں بائیومیٹرک تصدیق کا عمل شروع ہو گیا۔ اب اگر آپ کی سم گم ہو جائے تو کسی بھی شاپ پر جا کر آپ پرانی سم کا آئی ڈی بلاک کروا لیتے ہیں اور دوسری سم کا آئی ڈی اپنے فون نمبر کے ساتھ منسلک کروا لیتے ہیں۔ اب جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ ہم نے دو درجہ تصدیق اپنے فون پر آن کی ہوئی ہے تو اس وجہ سے ہمارے ڈیٹا تک رسائی ناممکن ہے اور وہ حکومت یا اپنے اداروں کے خلاف بے نامی اکاونٹ بنا کر دھڑا دھڑ غیر قانونی چیزیں شیئر کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کے لیے بھی عرض ہے کہ احتیاط کریں کیونکہ آپ کو تصدیقی پیغام آپ کی سم پر آتا ہے اور اگر کوئی ارباب اقتدار آپ کے نمبر کو تھوڑی دیر کے لیے کسی اور سم سے منسلک کر دے اور تصدیقی کوڈ موصول کر کے دوبارہ آپ کے نمبر کو پرانی سم سے منسلک کر دے تو آپ کو پتا بھی نہیں چلے گا اور آپ کی انتہائی محفوظ معلومات تک رسائی ممکن ہو جائے گی اور اس کوڈ کو بعد ازاں آپ کے کسی اکاونٹ تک غیر قانونی رسائی قانونی طور پر بھی لی جا سکتی ہے۔

ٹیکنالوجی اس وقت زندگی کا ایک اہم ترین جزو بن چکی ہے اور اس کے بغیر گزارا ناممکن سا لگتا ہے۔ اس تحریر کا ہرگز مطلب یہ نہیں کہ آپ ٹیکنالوجی استعمال کرنا چھوڑ دیں۔ ہم بس ایسی ایپلیکیشنز جو بیلنک کے مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہیں ان کا استعمال بہت ہی ضرورت میں اور بہت ہی احتیاط سے کریں۔ کوئی بھی بات چیت سے پہلے یہ بات ذہن میں بیٹھا لیں کہ یہ ڈیٹا آپ کے فون کے علاوہ بھی کہیں نہ کہیں ایک اپ ہو رہا ہے۔ وہ معلومات اگر کسی غلط ہاتھوں میں آ کر اگر پبلک ہو گئیں تو وہ آپ کے لئے مسائل بنا سکتی ہے۔ تصویریں بناتے ہوئے زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ تصویریں ساتھ ساتھ گوگل فوٹوز نامی ایپلیکیشن پر جا رہی ہوتی ہیں۔ تصویریں ہمیشہ کیڑوں میں بنائیں اور کسی بھی صورت اپنی پرائیوٹ تصاویر یا ڈیٹا کسی جانے یا ان جانے شخص کے ساتھ ہرگز شیئر مت کریں۔

خیبر ٹیچنگ اسپتال میں اموات، حکومتی کردار کہاں ہے؟

احتشام بشیر

خیبر پختونخوا میں 2013 میں جب تحریک انصاف حکومت بنانے میں کامیاب ہوئی تو اس وقت حکومت نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا عزم کیا۔ بڑے بڑے دعوے کیے گئے کہ صوبائی حکومت صحت کا نظام دوسرے صوبوں کی نسبت بہتر کر رہی ہے۔ وزیراعظم عمران خان کو بھی بتایا کہ سرکاری اسپتالوں کو شوکت خانم طرز پر ڈھالا جا رہا ہے۔ 2018 کے انتخابات میں جب پی ٹی آئی دوبارہ برسر اقتدار آئی تو حکومت نے سرکاری اسپتالوں کو مثالی قرار دیا۔ دعوے کیے گئے کہ اسپتالوں میں عوام کو صحت کی بہتر سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ صوبے کے تمام اسپتالوں میں مریضوں کو کوئی مسئلہ نہیں۔ صحت انصاف کارڈ کا میگا منصوبہ شروع کیا گیا۔ لیکن گزشتہ روز پشاور کے بڑے اسپتال خیبر ٹیچنگ میں آکسیجن نہ ہونے سے 8 افراد کے جاں بحق ہونے والے افسوسناک واقعے نے حکومتی کارکردگی کو صفر کر دیا ہے۔

اتوار کی صبح اطلاع موصول ہوئی کہ پشاور کے بڑے طبی مرکز خیبر ٹیچنگ اسپتال میں آکسیجن ختم ہونے سے متعدد مریض جاں بحق ہو گئے ہیں۔ اس خبر کی تصدیق کیلئے اسپتال انتظامیہ کے علاوہ حکومتی نمائندوں صوبائی وزیر صحت تیمور سلیم جھگڑا اور حکومتی ترجمان اطلاعات کامران بنگش سے رابطہ کرتے رہے لیکن کسی نے بھی فون اٹھانا گوارا نہیں کیا۔ اسپتال کے ایک ذمے دار نے آکسیجن ختم ہونے سے چھ افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کی۔

جب معاملہ الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا پر آیا تو حکومتی وزرا جاگے اور ٹویٹر اکاؤنٹ کے ذریعے وضاحتیں دینا شروع کر دیں۔

ہفتے کو رات گئے یہ افسوسناک واقعہ رونما ہوا۔ صبح 9 بجے تک معاملہ میڈیا پر آچکا تھا اور حکومتی وزرا نے دوپہر ڈھائی بجے اسلام آباد سے سرکاری ٹی وی کے ذریعے اپنی وضاحت جاری کی۔ دو گھنٹے کی مسافت پر وزیر صحت نے پشاور آنے کی زحمت تک گوارا نہیں کی اور معاملات اسلام آباد سے چلاتے رہے۔ اپوزیشن کا اس معاملے پر حکومت کو نشانہ بنانا فطری عمل تھا، لیکن سوشل میڈیا پر عوام نے اپنے غم و غصے کا اظہار کیا۔ رات گئے ہونے والے واقعے کے بعد اتوار کے روز کسی حکومتی نمائندے نے اسپتال کا دورہ نہیں کیا۔ اتنی زحمت نہیں کی گئی کہ اسپتال جا کر معلوم کیا جا سکے اتنے بڑے اسپتال میں آکسیجن ختم کیسے ہو گئی؟

اسپتال میں روزانہ آئی سی یو، سی سی یو اور ہنگامی شعبے میں مریض زیر علاج رہتے ہیں اور ویسے بھی کورونا کی وجہ سے آکسیجن کی ضرورت رہتی ہے۔ ہفتے سے اتوار کے درمیان بھی کورونا کے کئی مریض زیر علاج تھے، جن میں سے کچھ وینٹی لیٹرز پر بھی تھے۔ اسپتال ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آکسیجن ختم ہونے سے قبل ڈاکٹروں کی جانب سے انتظامیہ کو آگاہ کر دیا گیا تھا کہ آکسیجن ختم ہونے والی ہے، اس کا بندوبست کیا جائے۔ لیکن بروقت اطلاع کے باوجود آکسیجن بروقت مہیا نہیں کی اور اسپتال انتظامیہ کے مطابق تین گھنٹے تاخیر سے آکسیجن کی سپلائی فراہم کی گئی۔

1976 میں خیبر اسپتال کو ٹیچنگ اسپتال کا درجہ دیا گیا۔ اس اسپتال کا نام سابق وزیراعلیٰ حیات خان شیر پاؤ کے نام سے منسوب کیا گیا تھا اور یہ اسپتال شیر پاؤ کے نام پر ہی جانا جاتا ہے۔ پیپلز پارٹی کے دور حکومت کے بعد شیر پاؤ اسپتال کا نام تبدیل کر کے خیبر ٹیچنگ اسپتال رکھ دیا گیا۔ اس اسپتال کے نام پر بھی ماضی میں سیاست ہوتی رہی۔ 12 سو سے زائد بستروں کے اسپتال میں نصف صدی گزرنے کے باوجود اس کا اپنا آکسیجن نظام نہیں بنایا جا سکا اور باہر سے آکسیجن خریدی جاتی ہے۔

اطلاعات کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو بھی اس افسوسناک واقعے کی اطلاع بروقت نہیں دی گئی، جس پر انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انکوائری کا حکم دیا۔ انکوائری بھی اسپتال انتظامیہ کی جانب سے بنائی گئی کمیٹی نے تیار کر کے وزیراعلیٰ کو بھجوا دی گئی۔ رپورٹ میں مجرمانہ انتظامی غفلت کا انکشاف کیا گیا ہے۔

انکوائری کمیٹی رپورٹ کے مطابق اسپتال میں ایک ہزار گیلن کا آکسیجن کا پلانٹ ہے لیکن کوئی بیک اپ نہیں۔ اسپتال میں آکسیجن کے متبادل کے طور پر پرائمری اور سیکنڈری بندوبست ضروری ہے۔ آکسیجن سپلائی کرنے والی کمپنی کے ساتھ معاہدہ ختم ہو چکا ہے۔ نئے معاہدے سے متعلق کوئی دستاویزات نہیں۔ رپورٹ میں اسپتال ڈائریکٹر طاہر ندیم سمیت 7 افراد ذمے دار قرار دیے گئے، جنہیں فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے وقت اسپتال میں 90 مریض آکسیجن وارڈ میں زیر علاج تھے۔

حکومتی رپورٹ میں بھی غفلت قرار دی گئی ہے اور اگر اسے مجرمانہ غفلت کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے بعد حکومتی حلقوں سے یہ اطلاعات سامنے آ رہی ہیں کہ صحت کا قلمدان بھی نئے وزیر کو دیے جانے کا امکان ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی اگر حکومت کی جانب سے فوری طور پر وزرا کو اسپتال بھیجا جاتا، متاثرہ خاندانوں کی دادرسی کی جاتی اور انکوائری رپورٹ تک وزیر صحت اپنا قلمدان چھوڑ دیتے تو یہ حکومت کی نیک نامی ہوتی۔

اس معاملے میں حکومت نے بھی غفلت کا مظاہرہ کیا ہے۔ جب کئی گھنٹوں تک حکومتی موقف سامنے نہ آیا، وزرا موبائل نہ اٹھائیں تو پھر حکومت کی ہی نااہلی سامنے آتی ہے۔ لیکن شاید ایسا لگ رہا ہے حکومت نے اس معاملے کو چھوٹا واقعہ سمجھ لیا ہے۔ جب اسپتالوں میں ہی مریضوں کو آکسیجن نہیں ملے گی تو انہیں علاج کیلئے کہاں جانا چاہیے؟ نظریں وزیراعلیٰ پر لگی ہوئی ہیں کہ وہ اپنی حکومت پر لگنے والے داغ کو کیسے دھوتے ہیں۔

کورونا وائرس کی دوسری لہر...

محمد علی فضل

ایک دوست کا قصہ ہے کہ اسے یہ شک لاحق ہو گیا وہ ہر قان (ہیپاٹائٹس) کے مرض میں مبتلا ہے۔ انسانی دماغ کی یہ خاصیت ہے کہ جو شے اس سے ایک بار چپک جائے یا یہ جس موضوع میں دلچسپی لینے لگے تو دنیا مافیہا سے بے خبر اسی دھن میں مگن ہو جاتا ہے۔ بس چلتے پھرتے، سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے اسے وہی سوجھتا ہے یا یوں کہیے کہ ایک جھٹکے سی اٹھتی ہے جو دیوانہ وار اسے اسی سمت سوچنے اور اسی کی ٹوہ میں سرگرداں رہنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ اگر تو یہ لگن اور ہوک ترقی پسند ہو اور تحقیقی آئیڈیاز سے بھرپور ہو تو سبحان اللہ، انسان کے وارے نیارے۔

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ ہم ایسوں کی ایسی قسمت کہاں؟ ہمیں تو خیالات جکڑتے بھی ہیں تو ایسے کہ جن کا بوجھ یا تو ہمارا دماغ اٹھائے یا پھر ہفتہ منٹو کا قلم اور آج کے زمانے میں بلا تعطل تیز رفتار ان لمیٹڈ انٹرنیٹ۔ معاف کیجئے گا میں ادھر اُدھر نکل جاتا ہوں۔

تو ہمارے دوست نے دن رات ہیپاٹائٹس کو اپنے اعصاب پر سوار کر لیا، جتنے ملتا اسے بتاتا۔ جہاں کہیں کوئی معلوماتی پرچہ یا اشتہار دیکھتا رک کر آخری سطر تک پڑھ جاتا۔ احباب نے بہتیرا سمجھایا لیکن اس نے ماننے سے انکار کر دیا اور ٹیسٹ کرایا۔

ٹیسٹ تو نیگیٹو آیا مگر اسکی تسلی نہ ہوئی۔ وہ جس قدر ہیپاٹائٹس کی عمومی (جنرلائزڈ) علامات پر غور کرتا تجسس کو اپنے اندر موجود پاتا۔ پیلی آنکھیں، تکان، متلی وغیرہ وغیرہ۔ اس کو گمان ہوا کہ اس کے ٹیسٹ کی رپورٹ میں لیب والوں کو مغالطہ ہوا ہے یا پھر اس کا سیمپل کسی دوسرے صحت مند کے سیمپل کے ساتھ مکس اپ ہو گیا ہے، اسی لئے رزلٹ منفی آیا ہے۔ اگلے چھ ماہ اس نے اور زیادہ شدت سے ہیپاٹائٹس کے بارے میں سوچ بچار میں گزارے اور ایک بار پھر سے ٹیسٹ کرایا۔

اور یہ کیا؟ اس بار اس کا ٹیسٹ رزلٹ واقعی مثبت آ گیا۔

اب لگا یہ پریشان سا ہو کر پھرنے قسمت اچھی تھی کہ ایک ماہر ہیپاٹولوجسٹ جو نفسیات سے بھی خاصی سوجھ بوجھ رکھتا تھا، کے ہتھے چڑھ گیا۔ اس نے اسکی پہلے تو ٹھیک ٹھاک کاؤنسلنگ کی۔ خوف اسکے دل سے نکال باہر کیا اور سمجھایا کہ ہر وقت اسکو دماغ اور اعصاب پر لیتا بند کرے۔ ورنہ کل کا مرتا آج مرے گا۔ خوب اچھا صحت بخش معمول، صبح کی سیر، متوازن خوراک اور چند ضروری ادویات اسکو تجویز کیں اور یہ چند دنوں میں بھلا چنگا ہو گیا۔

ایک ایسی ہی پوری کیفیت کو معروف برطانوی جراح نگار جیروم۔ کے۔ جیروم نے اپنی شہرہ آفاق مضمون "تھری مین بوٹ آ پاسیجل" (Hospitalawaswho manA) میں ایسے دلچسپ انداز میں بیان کیا ہے جو کم و بیش ہم میں سے ہر ایک پر بالکل فٹ بیٹھتا ہے۔

اس مضمون میں بھی ایک شخص تمام بیماریوں کی علامات خود میں محسوس کرتا ہے ماسوائے گھٹنے کے درد کے لیکن جب ڈاکٹر کو بتاتا ہے تو وہ اسے سینے پر مارتا ہے اور صرف چند دوائیں، اچھی خوراک اور مناسب ورزشیں تجویز کرتا ہے جو کہ صحت کا اصل راز ہے۔

ہیں۔ یہ ایڈرینالین نامی ہارمون کے اخراج کے باعث ہوتا ہے۔ یعنی جو ہم سوچتے ہیں دماغ اسکے مطابق عمل کرتا ہے اور ویسے اثرات آپکے جسم پر چھوڑتا ہے۔

دراصل ہم جو بات بہت زیادہ سوچتے ہیں، ہمارا دماغ اسی قسم کے پیغامات ہمارے جسم کو بھیجنا شروع کر دیتا ہے۔ اسی قسم کے ہارمونز و نیورو ٹرانسمیٹرز خارج کرنا شروع کر دیتا ہے۔ آپ ابھی مسٹر بین کی فلم لگا لیں ابھی وہ بیچارہ کوئی بیوقوفانہ حرکت کرے گا بھی نہیں کہ آپ ہنسنا شروع کر دیں گے۔ یہی حال دیگر "فلموں" کا بھی ہے۔

اسی طرح کہیں لڑائی ہو جائے، چاہے آپ بے صد جھگڑے ہارے اور بھوکے پیاسے کیوں نہ ہوں، ایکدم ایک برقی توانائی سی آپکے جسم میں بھر جائے گی۔ اس کو فائٹ اینڈ فلائٹ ری ایکشن کہتے

ایک بات جو بہت اہم ہے وہ یہ کہ دنیا کی تمام معمولی، غیر معمولی قابل علاج اور لاعلاج بیماریاں، انکے جراثومے اور وجوہات ہمیں جان سے مار دینے کیلئے کافی ہیں۔ اور جب بیماری گلے پڑ آئے تو دنیا کی کوئی دوائی، کوئی حکیم کوئی، ڈاکٹر، کوئی ویکسین اور کوئی پلازما ناکام نہیں کرتا۔ یہ بات سب جانتے ہیں اور مانتے ہیں۔ آپکا کیا خیال ہے کہ ہم کسی ''سٹیرائیل (Sterile)'' ماحول میں سانس لے رہے ہیں جہاں مائکروبز کا وجود صفر فیصد ہے؟

یہ سموگ سے آلودہ زدہ فضا، یہ زہریلا پانی، یہ زہریلی خوراکیں اور سم قاتل ہمارا طرز زندگی۔

بیٹھے ہیں تو بیٹھے ہیں اٹھنے کا نام نہیں۔ اٹھیں گے نہیں بلکہ ٹانگیں پسار کر لیٹ جائیں گے۔ اس سب کے باوجود بھی ہم اگر صحت مند ہیں تو ہمیں رات دن اس خدا کا شکر ہونا چاہیئے کہ جس نے ہمیں اس قدر طاقتور اور ہماری سوچ سے بھی زیادہ ذہین مدافعتی نظام سے نواز رکھا ہے۔

دن بھر میں کروڑوں نہیں بلکہ کھربوں سے بھی زیادہ بیکٹیریا، وائرس، فنگس، سپورز، قاتل پروٹیز، کیمیکلز اور نہ جانے کیا کیا الا بلا ہمارے تھنوں، آنکھوں، دہن، مساموں اور دیگر حصوں سے جسم میں داخل ہوتے ہیں اور برق رفتاری سے مدافعتی نظام حرکت میں آتا ہے اور انہیں تباہ کر کے رکھ دیتا ہے۔

تو اصل چیز جس کی طرف بہت کم دھیان ہے وہ ہمارا مدافعتی نظام ہے۔ یہ ایک پورا اور انتہائی پیچیدہ نظام ہے کہ اگر اس پر لکھا جائے تو صرف اس نظام کے مختلف اجزا کو بیان کرنے کے واسطے ایک علیحدہ کتاب لکھنی پڑے۔ مختصراً یہ کہ مدافعتی نظام دنیا کے ہر جراثومے، کیمیکل، وائرس اور زہریلی اشیا کے خلاف قدرتی طور پر ویکسین اور ادویات ہمارے جسم کے اندر ہی تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور بیماریوں سے بچاتا ہے۔

یہ سب ویکسینز، اینٹی بائیوٹکس، اینٹی وائرلز وغیرہ مدافعتی نظام کو نقل کر کے ایجاد کی گئی ہیں۔ اب کورونا کی دوسری لہر جاری ہے۔ یہ وائرس اس صدی کی شاید سب سے مہلک وقاتل وباؤں میں سے ایک ہے۔ اس میں کوئی چند علامتوں کے بعد مکمل صحت یاب ہو رہا ہے، کوئی آکسیجن پر جا کر صحت یاب ہو رہا ہے۔ کسی کو پلازما لگانے کی نوبت آرہی ہے اور کوئی بیچارہ اس کا مقابلہ کرنے سے بالکل ہی عاجز ہے اور راہی عدم ہے۔

چھینکنا منع ہے

محمد کامران

کلاس روم میں بیٹھے بیٹھے اچانک سے چھوٹو کی ناک میں خارش ہوئی اور ایک دم کلاس کے کمرے میں جیسے بھونچال آگیا اور پورا کمرہ ''آں چھوؤ'' کی آواز سے گونج اٹھا۔ بس پھر کیا تھا، کلاس کے تمام بچے اس سے ایسے دور ہو گئے جیسے اس سے بدبو آرہی ہو۔ اور استاد صاحب نے فوراً اسے کلاس سے باہر جانے کا حکم جاری کر دیا۔ مگر پہلے اس کے ہاتھوں پر الکوحل ملا سپرے کرنا نہیں بھولے۔ اور پھر اپنے ہاتھوں پر خالص سینیٹائزر لگایا۔

بس میں جاتے ہوئے اچانک میرے گلے میں خراش ہوئی اور گلا صاف کرنے کے بہانے میں تھوڑا سا کھانسا اور جب اپنے اردگرد نظر اٹھائی تو پوری بس کے مسافر مجھے ایسے دیکھ رہے تھے جیسے میرے سر پر دو عدد سینگ نکل آئے ہوں۔

خدا غارت کرے اس کورونا کو، انسان کو جینے بھی نہیں دے رہا۔ پتہ نہیں ایسا کیا ہے کہ ایک خوف، دہشت جو لوگوں کے دلوں اور دماغ میں بٹھا دی گئی ہے۔ حالانکہ یہ وائرس تو کئی دہائیوں سے ہے بلکہ کئی صدیوں سے موجود ہے۔ نزلہ، زکام، کھانسی، بخار جیسی علامات تو پتہ نہیں کب سے چلی آرہی ہیں۔ اور اس کے علاوہ سب کو پتہ ہے کہ یہ ایک وائرس ہے جس کی زندگی کا دورانیہ سات سے پندرہ دن کا ہوتا ہے اور اس کے بعد یہ خود بہ خود ختم ہو جاتا ہے۔ اس کیلئے احتیاط تو ہوتی ہے مگر علاج نہیں۔ تو پھر آج انسان میں اتنی دہشت، اتنا خوف پیدا کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

پہلے چھینک آتی تھی تو ہمیں یہ سکھایا جاتا تھا کہ جب بھی چھینک آئے تو کہو ''الحمدللہ'' اور سننے والا کہے ''یرحمک اللہ'' اور چھینکنے والا پھر اس کا جواب دے۔ مطلب چھینک پر یہ بتایا گیا کہ شیطان کا ٹھکانہ ناک میں موجود گندگی ہوتی ہے، اس لیے جب چھینک آتی ہے تو شیطان بھاگ جاتا ہے، یعنی ناک کی گندگی صاف ہو جاتی ہے۔ اسی لیے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ اور اگر بار بار چھینکیں آرہی ہیں تو پھر نزلہ، زکام ہوا ہے اور نزلے کو پینے دو ورنہ دماغ پر جم جائے گا اور بال جلدی سفید ہو جائیں گے۔ کوئی دوا لینے کی ضرورت نہیں، بس جوشاندہ پی لو ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ تو بزرگوں کی باتیں ہیں، اللہ بہتر جانتا ہے کہ ان میں کتنی سچائی ہے مگر دعائیں تو اسلام ہمیں سکھاتا ہے اور احادیث کی روشنی میں یہ دعائیں سکھائی جاتی ہیں۔ پھر مسلمان اس موذی وائرس سے اتنا خوفزدہ کیوں؟

یوں تو حالات بہتر ہو رہے ہیں مگر اب حالات کے بہتر ہونے سے بھی ڈر لگتا ہے، کیونکہ عادت سی ہوتی جارہی ہے اب تو ان حالات کی۔ کوئی محفوظ نہیں، سبھی کو خطرہ ہے، کس سے مگر معلوم نہیں۔ ہر کوئی ڈر رہا ہے، کیوں؟ معلوم نہیں۔ کوئی کچھ بولنے کے قابل نہیں۔ کوئی کسی کو سنتا پسند نہیں کرتا۔ سب ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی اس دوڑ میں بھاگ رہے ہیں۔ کہاں جانا ہے کسی کو نہیں پتہ۔ اصلاح سب کو کرنی ہے مگر اپنی نہیں دوسروں کی۔ اس کورونا کے منظرنامے میں ہمارے دماغوں میں ایک ایسا ڈر پیدا کیا جارہا ہے جس کو نکالنا ہماری آنے والی نسلوں کیلئے بھی آسان نہیں ہوگا۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ بھی دجال کی آمد کی تیاری ہے کیونکہ وہ کئی بیماریوں کا علاج کرے گا جو کہ لاعلاج ہوں گی۔ واللہ اعلم۔

مگر مجھے حیرت مسلمانوں کے طرز عمل پر ہوتی ہے، کیونکہ یہ تو اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے کہ بیماری پیدا ہونے سے پہلے اس کا علاج دنیا میں بھیجا جاتا ہے۔ انسان اسے کھوجنے میں ناکام رہے تو اور بات ہے، مگر لاعلاج مرض اس دنیا میں صرف ایک ہی ہے اور وہ ہے موت۔ اس لیے اگر ہم کسی کے چھینکنے یا کھانسنے سے ڈرنے کے بجائے اپنی موت کو یاد کر کے اپنی اپنی اصلاح کر لیں، تو بہ کر لیں، اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ لیں، اپنے فرائض کو دل لگی سے سرانجام دیں، برائیوں سے اجتناب کر لیں، ایک دوسرے کا ہر دکھ تکلیف میں ساتھ دیں، سنتوں کو عام کریں، تو شاید کسی کو بھی یوں منہ چھپا کر پھرنے کی ضرورت نہ رہے۔ اور کوئی کسی کو چھینکنے پر یہ نہ کہے کہ بھائی اپنا کورونا ٹیسٹ کروا لو۔

بات وہی نظام مدافعت کی ہے۔ ہم نے اسے طاقتور بنانا ہے۔ ورزش، آٹھ سے دس گھنٹے کی پرسکون نیند (اگر موبائل اجازت دے دے تو) اور صحت بخش غذائیت سے بھرپور پھل اور سبزیوں پر مشتمل خوراک کو روزانہ کے معمولات میں شامل کرنا ہے۔

نظام مدافعت کا دماغ سے بھی بہت گہرا تعلق ہے۔ یقین جانیے ہمارا یہ دماغ اور اس میں چھپی بے پناہ طاقت ایسے ایسے حرکت انگیز کارنامے کر سکتی ہے جن کا ہم شاید تصور بھی نہیں کر سکتے۔ غیر ضروری سنسنی اور خوف کو ذہن سے نکال پھینکیں۔ ایک جگ اور گلاس کو بھی اگر دو تین گھنٹے اٹھا کر مسلسل کھڑے رہیں تو بازو شل ہو جائے گا۔ یہی حال خوف کرتا ہے اعصاب کا، دماغ کا اور قوت مدافعت کا۔

لیکن اسکا مطلب یہ بھی نہیں کہ ماسک پہننا، ہاتھ دھونا اور سماجی فاصلہ رکھنا چھوڑ دیں۔ حتی الامکان احتیاطی تدابیر ضرور اختیار کریں لیکن یاد رکھیں اس وبا کا اصلی مقابلہ لاشعور کی طاقت اور مدافعتی نظام اور سب سے بڑھ کر خدائے ذوالجلال والاکرام کے کرم سے ہی ممکن ہے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو، آمین۔

اداروں کی نااہلی یا انتظامیہ کا فقدان؛
موجودہ حکومت بھی خواب غفلت کا شکار

رپورٹ وتصاویر: ساگر راہی

کراچی کے علاقے کورنگی انڈسٹریل ایریا میں واقع شکر چورنگی تا شاہ فیصل کالونی کو جانے والا روڈ جہاں ہزاروں لوگ شاہراہ فیصل، ایئرپورٹ، ملیر، صدر، مارتھ کراچی، سہراب گوٹھ و دیگر علاقوں میں جانے کا راستہ اختیار کرتے ہیں اور انہی راستے پر موجود صورتحال یہ ہے کہ سیوریج کا نظام درہم برہم پڑا ہے۔ شکر چورنگی سے شاہ فیصل جوانے والے روڈ پر نکاسی آب کا حال بہت زیادہ خراب ہے۔ نالے کا پانی باہر سڑک پر آ گیا ہے جس کی وجہ سے صبح سے رات تک ٹریفک کی روانی متاثر رہتی ہے، اور اسی کی وجہ سے ٹریفک جام رہتا ہے۔ یعنی شکر چورنگی سے باغ کورنگی تک کا جو سفر ہے یہاں ٹریفک جام رہتا ہے اور موٹر سائیکل، کار رکشے اور ہیوی وہیکل اسی گندے نالے کے پانی میں سے اپنی گاڑیوں کو گزارتے ہیں۔ بس انتظامیہ اپنے اعلیٰ افسران سے مجبور ہے اور عوام موجودہ حکومت کی نااہلی سے مجبور ہے مگر کیا کریں جینا تو ہے اب چاہے نکاسی آب کا نظام درہم برہم ہو، ویسے تو عوام کی زندگی کے ساتھ ان گنت مسائل ایسے لپٹے ہوئے ہیں کن کن مسائل کا ذکر کیا جائے۔ عوام گھر میں رہے تو پانی، بجلی، گیس کے مسائل نے گھیر رکھا ہے اور اگر عوام ان مسائل سے گھبرا کر گھر سے باہر نکلتی ہے تو باہر سیوریج کا مسئلہ درپیش ہے کوئی گلی کوئی سڑک ایسی نہیں جہاں سیوریج کا سسٹم بدحالی کا شکار نہ ہو۔ اور یہ سڑک جس کے متعلق بات کی جارہی ہے تو یہ مین شاہراہ ہے اور یہاں کا حال

تصاویر میں دیکھ سکتے ہیں۔ مگر کیا کر سکتے ہیں کہ موجودہ حکومت بھی سابقہ حکومتوں کی طرح ہمارے سامنے وہی چہرہ لیکر پیش ہوئی جس سے ہم عوام اچھی طرح باخبر ہے۔ اعلیٰ افسران کے کانوں پر نہ تو جوں رینگتی ہے اور نہ وہ ابھی خواب غفلت کی نیند سے بیدار ہوئے ہیں۔ مگر کیا کریں جینا تو ہر حال میں ہے جہاں قدم قدم پر ایک نیا مسئلہ درپیش ہے وہی ایک اور ایسا مسئلہ عوام کو درپیش ہے جس کا ذکر نہ کیا گیا تو یہ مظلوم عوام کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ شکر چورنگی سے شاہ فیصل 2 نمبر جہاں یہ پل ختم ہوتا ہے اس پورے سفر میں دن کے اجالے میں عوام باحفاظت گزر جاتے ہیں مگر رات کی تاریکی میں گزرنے والی عوام اپنی قیمتی اشیا سے ہی محروم

ہوجاتے ہیں۔ جی ہاں۔۔۔ ایسا ہی خاص مقامات کی نشاندہی کی جارہی ہے، شگر چورنگی سے آتے ہوئے راستے میں ایک مزار شریف آتا ہے اسکے بالکل سامنے ایک راستہ اندر گوٹھ میں جاتا ہے یہاں کچھ پولیس اہلکار رات کی تاریکی میں کھڑے ہوتے ہیں جو ہر آنے جانے والے شہر کو

روکتے ہیں اب یہاں کھڑنے کی کیا وجہ ہے یہ تو وہی جانتے ہیں مگر اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ موٹر سائیکل سواروں کو روک کر انکی چیکنگ کی جاتی ہے اور ان سے رقم کا مطالبہ کیا جاتا ہے مگر بڑی ہیوی وہیکل سے مطالبہ نہیں کیا جاتا بلکہ وہ طے شدہ بات ہے کہ رشوت دیئے بغیر یہاں سے آگے نہیں جاسکتے۔ ہماری پولیس کا یہ حال ہے کہ انہیں گورنمنٹ سے تنخواہ نہیں ملتی بس یہ غریب لوگ اپنا گزر بسر شہریوں سے رشوت لیکر کرتے ہیں۔ سوچنے والی بات یہ ہے کہ کیا ان پولیس اہلکار کی سربراہی ان راہزنوں، ڈکیتوں کو حاصل ہے جو دیدہ دلیری سے شہریوں کو لوٹتے ہیں، بس انکے ہاتھوں یرغمال غریب عوام ہی بنتے ہیں مگر ڈکیتوں کے یہ رکھوالے ہیں کیونکہ ڈکیتوں کے مال میں انکا بھی حصہ ہوتا ہے۔ یہ تو ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے اب اسی روڈ پر آگے چلتے ہیں جہاں شگر چورنگی سے کورنگی پانچ نمبر کا راستہ ہے۔ یہ اس سے بھی خطرناک ہے کیونکہ شگر چورنگی پر انٹرنیشنل ایئرپورٹ لگتا ہے مگر یہاں کوئی پولیس اہلکار نظر نہیں آتے۔ ہمارے شہر کراچی کو جو حال ہے اس پر کچھ لکھنا اب محال ہوگیا، کہنے کو تو ہم اسلامی جمہوریہ پاکستان کے باشندے ہیں اور ایک آزاد ملک میں رہ کر بھی

ڈر اور خوف کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، اب نہ تو اسلامی جمہوریہ پاکستان رہا اور نہ ہی روشنیوں کا شہر کراچی رہا، آج عوام کی آواز کیا کون سنے گا، عوامی مسائل کون حل کریگا، یہ مظلوم اور حالات کے ستائے ہوئے عوام کس ادارے کا دروازہ کھٹکھٹا کر اپنے مسائل کی روداد کس کو سنائیں، حالات کے ستائے ہوئے عوام آج محمد بن قاسم کے منتظر ہیں کہ اس جیسا مرد قلندر ہمارے اداروں میں آکر بیٹھ جائے اور ان اداروں کو چلانے والے مگرمچھوں کو لگام ڈال دے، کالی وردی میں ملبوس بھیڑیوں کے گلے میں پٹہ ڈالے، تاکہ حالات کے ستائے ہوئے عوام پھر سے اپنا سر اٹھا کر جی سکیں، اپنا کھویا ہوا وقار دوبارہ حاصل کرسکیں۔ وہ وقت بھی تھا جب شہر کراچی میں امن و امان، بھائی چارگی اس کے ماتھے کا جھومر ہوا کرتا تھا مگر اب حال یہ ہے کہ جیسے کسی بیوہ عورت کے سر سے چادر اتار کر اس کی عزت کو داغ دار کردیا ہو بس یہ ہی حال میں کراچی شہر کا ہوگیا ہے۔ اب بھی کچھ نہیں بگڑا، اب بھی وقت ہے ہمارے ادارے کے افسران، موجودہ حکومت بالخصوص وزیراعظم عمران خان صاحب اس ملک بالخصوص شہر کراچی سے مخلص ہوکر کوئی ایسا قدم اٹھائیں جس سے عوام خوشحال ہو اور جن مسائل سے دوچار ہے ان سب سے انھیں چھٹکارا مل سکے، ورنہ وہ وقت دور نہیں کہ جب ہماری داستان بھی نہ ملے گی داستانوں میں۔۔۔۔۔!

AN LAW ASSOCIATES

Advocates & Legal Consultants

Civil, Criminal, Family & Corporate

Contact :

0332-2106386 / 0300-8200997

Office / B-6, 3rd Floor . Ali Centre Main University Road
Block13-C Gulshan-e-iqbal

خواتین کی ترقی لیکن استحصال کے ساتھ

راضیہ سید

"خواتین آج کل ہر شعبہ زندگی میں کام کر رہی ہیں اور اپنی قابلیت کا لوہا بھی منوا رہی ہیں"۔ یہ جملہ زبان زد عام ہے اور کسی حد تک درست بھی ہے لیکن کیا حقیقی معنوں میں اس پر عمل ہوتا بھی ہے؟ اس سے کم از کم میں تو متفق نہیں کیونکہ تمام ہی شعبہ جات میں جنسی ہراسگی تو ایک طرف رہی، امتیازی سلوک اور کردار کشی، جنسی ہراسانی سے بھی زیادہ سنگین صورتحال اختیار کر چکی ہے۔

یہ بات ماننے والی ہے کہ کارپوریٹ سیکٹر بہت ہی سنگ دل ہے، اب چاہے وہ سرکاری نوکری ہے یا پرائیویٹ سیکٹر، جہاں معمولی سی لغزشوں پر بھی نوکری سے بے دخل کر دیا جاتا ہے اور کسی مجبور انسان کا کوئی خیال نہیں کیا جاتا۔

انسان اب تک اپنی بقا کی جنگ لڑ رہا ہے لیکن خواتین کو مردوں کے مقابلے میں دگنی جدوجہد کرنا پڑ رہی ہے یہی تلخ حقیقت ہے۔ ملازمت پیشہ خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک درحقیقت جنسی ہراسانی سے بھی زیادہ خطرناک ہے لیکن قابل افسوس یہ ہے کہ ہم صرف جنسی ہراسگی پر ہی بات کر کے اصل مسئلے سے نظریں چرا لیتے ہیں۔ ابھی تک ہم اس امتیازی سلوک جیسے مسئلے کا کوئی حل نہیں ڈھونڈ سکے تو خواتین کو مساوی وسائل کیا فراہم کریں گے اور کیسے انھیں قومی دھارے میں شامل کریں گے؟

ہمارے ہاں دفتروں میں خواتین کو اعلیٰ عہدے تو دے دیئے جاتے ہیں لیکن ان کی قابلیت پر ہمیشہ سوال اٹھایا جاتا ہے، مزید یہ کہ ان کی خوبیوں کا کبھی اعتراف نہیں کیا جاتا۔ ہمیشہ یہی سوچا جاتا ہے کہ یہ خاتون (یقیناً بدعنوان اور بدکردار ہے جس نے یہاں تک پہنچنے کے لئے اپنی مرضی سے اپنی عزت داؤ پر لگائی ہے۔

کوئی یہ نہیں سوچتا کہ یہ خاتون اپنی محنت کے بل بوتے پر اس مقام تک پہنچی ہے بلکہ یہاں تک باتیں کی جاتی ہیں کہ آج کل تو لڑکیاں اپنی حرکات وسکنات سے من پسند پروفیسروں سے اپنی مرضی کے نمبر بھی لگوا لیتی ہیں اور اب میرٹ کا زمانہ ہی نہیں رہا۔

> انسان اب تک اپنی بقا کی جنگ لڑ رہا ہے لیکن خواتین کو مردوں کے مقابلے میں دگنی جدوجہد کرنا پڑ رہی ہے یہی تلخ حقیقت ہے۔ ملازمت پیشہ خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک درحقیقت جنسی ہراسانی سے بھی زیادہ خطرناک ہے لیکن قابل افسوس یہ ہے کہ ہم صرف جنسی ہراسگی پر ہی بات کر کے اصل مسئلے سے نظریں چرا لیتے ہیں۔ ابھی تک ہم اس امتیازی سلوک جیسے مسئلے کا کوئی حل نہیں ڈھونڈ سکے تو خواتین کو مساوی وسائل کیا فراہم کریں گے اور کیسے انھیں قومی دھارے میں شامل کریں گے؟

اس سارے عمل میں زیادہ تر ان خواتین کے مقابلے میں نچلے عہدوں پر کام کرنے والے افراد شامل ہوتے ہیں جن کا کام یعنی شے ایک طرح سے کھوج لگانا کہا جا سکتا ہے وہی ہوتا ہے۔ ایسے افراد ان خواتین کی سامنے تو بہت تعریف کرتے ہیں لیکن درپردہ کسی نہ کسی موقع کی تلاش میں رہتے ہیں کہ کب باس کے سامنے ان کی کارکردگی کو منفی انداز میں پیش کیا جائے۔ ماحول کو اس طرح سے بنا دیا گیا کہ وہ کوئی بھی کام نہ کر سکیں یا باس کے ساتھ ان کا کیٹفل بنا دیا گیا تاکہ وہ اپنی بدنامی کے ڈر سے نوکری چھوڑ دیں اور نااہل خواتین کے لئے راہیں ہموار ہو سکیں۔ کئی مرد حضرات تو ایسے ذہین ہوتے ہیں جو نہ تو قابل خواتین کی ذہانت کو تسلیم کرتے ہیں اور نہ ہی خاموش رہتے ہیں بلکہ ہر جگہ وہ بانگ دہل یہ کہتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں کہ جناب آپ کو تو کچھ آتا ہی نہیں آپ کو تو خاتون ہونے کی بنا پر فوقیت دی گئی ہے۔ یا یہ کہ یہاں پہلے تو اس سیٹ کا وجود ہی نہیں تھا جس آپ کے آنے کی دیر تھی کہ باس نے اس سیٹ کی بھی گنجائش نکال لی۔

اسی طرح اگر باس موجود نہ ہوں تو ایسے نچلے درجے کے افسران خاتون کا جینا محال کر دیتے ہیں۔ انھیں کراس ٹاک کے ذریعے کسی بھی گفتگو مذاق کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ مختلف انجان نمبروں سے مکار اور نامناسب میسجز بھیجے جانے کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

دوسرا خواتین کو تنخواہ بھی کم دی جاتی ہے، وہ دفتری کام بھی زیادہ کرتی ہیں اور ان کے اضافی کام کا کریڈٹ بھی بہت آسانی سے مرد حضرات لینے لگتے ہیں۔ یہ صورتحال بھی ایسی محنتی خواتین کے لئے سردردی کا باعث بننے لگتی ہے اور وہ دلبرداشتہ ہو کر باوجود باصلاحیت ہونے کے نوکری ہی چھوڑ دیتی ہیں۔

پنجابی زبان کا ایک مشہور محاورہ ہے کہ "کہکر اں تی نوں تے سناڑاں توہنوں" یعنی بات بھی کر دو کہ پتہ بھی چل جائے اور آپ کسی کی نظروں میں قصوروار بھی نہ ٹھہریں۔ کسی کو بات سنا بھی دیں اور کسی دوسرے کو بھی علم نہ ہو کہ یہ کارنامہ آپ کا ہے۔ سو خواتین پر اس طرح سے جملے کسے جاتے ہیں کہ لوگ تو پیٹھ ہی کی طرح اچھے لگ رہے ہیں میرا تو کھانا کھانے کا موڈ ہو رہا ہے۔ آج باس آئے نہیں اور آپ آ گئیں بھئی آپ تو خود باس ہیں یہ پورا دفتر ہی آپ کا ہے۔ آپ نہ آئیں میٹنگ لیٹ لے لیں لوگ پورا دفتر ماموں بننے والا ہے۔

خواتین کا مذاق اڑانا، ان پر جملے کسنا، ان کی توہین کرنا، معذرت کے ساتھ یہ ایٹی کیٹ کبھی تبدیل نہیں ہو گی۔ میں نے بہت سے سوئنڈ یوئنڈ افراد کو بھی خواتین کے ساتھ بدسلوکی کرتے دیکھا ہے۔ اپنے سے سنیئر اور اعلیٰ عہدے پر فائز خواتین کا مذاق اڑاتے دیکھا ہے لہٰذا اس ترقی یافتہ دور میں بھی میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ خواتین کی ترقی کے دعوے صرف دعوے ہی ہیں، ان میں حقیقت صرف اتنی ہے کہ خواتین کی ترقی استحصال کے ساتھ ہو رہی ہے۔

کیا ہمیں ہراسگی کی طرح اس مسئلے کو بھی حل کرنے کی ضرورت نہیں، کیا اس سنجیدہ ایشو کیلئے قانون سازی نہیں ہونی چاہیئے، یہ سوال عوام کے ووٹوں سے اقتدار کے ایوانوں میں پہنچنے والوں پر چھوڑتے ہیں خصوصاً ان خواتین اراکین پارلیمان پر جو خواتین کی ترقی اور ان کے حقوق کی بالادستی کے بیانات تو خوب ٹھوک بجا کر دیتی ہیں لیکن عملی طور پر کیا کرتی ہیں، وقت خود بتا دے گا۔

عورت کی عزتِ نفس

پاکستان میں روز نجانے کتنی خواتین ظلم کا شکار ہوتی ہیں

ڈاکٹر زمرد اعوان

ستمبر کی ایک رات لاہور سے گوجرانوالہ کو ملانے والی سڑک پر اپنے تین بچوں کے سامنے تشدد اور زیادتی کا شکار ہونے والی خاتون کے واقعے نے پورے ملک کی اخلاقی و انتظامی کمزوری کی طرف واضح اشارہ کیا ہے۔ خواتین کے ساتھ زیادتی کے واقعات پہلے بھی رونما ہوتے رہے ہیں۔ لاہور کی پولیس کے مطابق 2020 کے پہلے 60 دنوں میں خواتین سے زیادتی کے مجموعی 73 واقعات درج ہوئے۔ اس سے یہ اندازہ لگانا آسان ہے کہ مطلع نہ کیے جانے والے واقعات کی تعداد کتنی زیادہ ہوگی؟ لیکن موٹروے زیادتی کیس دو پہلوؤں کی وجہ سے اپنی نوعیت کا انوکھا واقعہ ہے۔ ایک اس میں تین معصوم بچوں کے سامنے ان کی ماں سے زیادتی کی گئی۔ دوم اس واردات سے پہلے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مدد مانگی گئی، جس کا نہ پہنچنا اس سانحے کا باعث بنا۔

اس واقعے پر ردعمل کے طور پر تمام سماجی تنظیمیں معاشرے میں پنپنے والی پدرانہ سوچ کی طرف انگلی اٹھا رہی ہیں۔ لیکن اگر دیکھا جائے تو اس کی وجوہات اس سے بھی کہیں زیادہ ہیں۔ بلاشبہ معاشرہ تو پدرانہ سوچ کا حامل ہے ہی، لیکن کیا ہم نے یہ سوچا ہے کہ بچے کی پہلی درس گاہ تو ماں ہوتی ہے، دوسری اس کے گھر کا ماحول۔ معاشرے کا کردار تو بہت بعد میں آتا ہے۔ جو خیالات ماں رکھتی ہے وہی بچے (چاہے لڑکی ہو یا لڑکا) کے ذہن میں تاحیات نقش ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح گھر میں جس طرح سے بیٹے اور بیٹی کو صنفی تفریق سے پالا جاتا ہے وہ ان کے طرزِ عمل کا حصہ بن جاتے ہیں۔ ہمیں ماؤں سے سوال کرنا چاہیے کہ وہ ایسی تربیت کیوں کرتی ہیں، جس میں بیٹے کو تو جسمانی، ذہنی اور سماجی تحفظ کا درس جبکہ بیٹی کو ہر ظلم پر خاموشی، صبر اور درگزر کرنے پر راضی کیا جاتا ہے؟ یہی وہ صنفی تفریق ہے جو آگے چل کر زیادہ تر مردوں کو ظالم اور عورتوں کو مظلوم بناتی ہے۔ یہ سلسلہ محض خاندان میں ہی تعلقات تک ہی محدود نہیں رہتا، بلکہ یہ معاشرے میں بھی اس طرح سے منتقل ہوتا ہے کہ مرد سڑک پر موجود عورت کو کمزور اور تنہا سمجھتے ہوئے مختلف مظالم کرنے کو اپنا حق گردانتا ہے۔ جیسے کہ موٹروے کیس سمیت عورتوں پر معاشرے میں تیزی سے پھیلتے زیادتی اور ہراسگی کے واقعات سے ظاہر ہے۔

دوسری اہم وجہ مذہب کی غلط تشریح ہے۔ جس کو بنیاد بنا کر جابجا صنفی تفریق کو جائز بنایا جاتا ہے۔ اس ضمن میں ازواجِ مطہرات رسول، حضرت خدیجہ اور حضرت عائشہ کی پاک دامنی کی مثال تو دی جاتی ہے، لیکن ان دونوں خواتین کا اسلامی تاریخ میں فیصلہ سازی، خودمختاری اور اصول پرستی کے حوالے سے زیادہ ذکر نہیں کیا جاتا۔ اسی طرح اسلام میں خواتین کے کردار کی مثال دیتے ہوئے حضرت زینب کا یزید کے دربار میں اُس تاریخی خطبے کا حوالہ کم دیا جاتا، جس میں ظالم کو للکارا جا رہا ہے اور پورا خاندان لٹانے کے باوجود بھی حق و سچ کا فرق بتایا جاتا ہے۔ وہ بھی ایک خاتون تھیں جن کو اسلام نے نہ تو جھکنا سکھایا اور نہ ہی ڈرنا۔ تو اس مذہب کے پیروکار کیسے ایک اسلامی معاشرے میں ظلم کے سامنے خواتین کو خاموش رہنا اور جھکنا سکھا سکتے ہیں؟

تیسرا اہم پہلو، عورت کو عصمت کا نشان کچھ اس طرح بنا دیا ہے کہ وہ اپنے ساتھ زیادتی کا ذکر کرتے ہوئے یہ سوچنے پر مجبور ہو کہ ایسا کرنے سے وہ عزت دار نہیں رہے گی۔ کیونکہ اسے عزت کا رکھوالا بنایا گیا ہے۔ اسی خوف سے زیادہ تر خواتین اپنے ساتھ ہونے والے ظلم و ستم کا ذکر نہیں کر سکتیں۔ موٹروے پر زیادتی اور تشدد کا واقعہ تو ایک ایسی خاتون کے ساتھ ہوا جس کا تعلق ایک متوسط گھرانے سے تھا، اس وجہ سے نہ صرف کیس درج ہوا بلکہ دیکھتے ہی دیکھتے قومی و بین الاقوامی منظرنامے پر بھی چھا گیا۔ کتنی ہی خواتین ہیں پاکستان میں جو روزانہ گھر میں یا گھر سے باہر ایسے ظلم کا شکار ہوتی ہیں؟ لیکن غریب گھرانوں سے تعلق کی وجہ سے اپنے ساتھ روا ظلم کا ذکر صرف اور صرف کسی سے اس لیے نہیں کرتیں کہ کہیں معاشرے میں مقام اور گھرانے میں اپنی عزت نہ کھو بیٹھیں۔

اس بحث کا چوتھا اہم پہلو، خواتین کے مساوی حقوق کے متعلق جلوسوں اور بحثوں میں مردوں کی اکثریت کی عدم موجودگی ہے۔ معاشرہ تو دونوں کا اس مسئلے پر کردار مانگتا ہے۔ جب تک خواتین کے حقوق کی ہر تحریک میں مرد باقاعدہ شامل نہیں ہوگا، تب تک کوئی اہم پیش رفت ممکن نہیں۔

آخر میں یہ کہنا چاہوں گی کہ پاکستانی معاشرہ نہ پدرانہ ہونا چاہیے اور نہ مدرانہ، یہ صرف ایک انسانی معاشرہ ہونا چاہیے، جہاں صنف کی بنیاد پر نہیں بلکہ انسانیت کی بنیاد پر عفو و درگزر، عزت و احترام اور حقوق کا تحفظ ہو۔ جہاں کوئی مرد عورت کو اس وجہ سے ہراساں نہ کرے کہ وہ عورت ہے اور انکار نہیں کر سکتی۔ جہاں عورت بھی مرد کو سماجی و معاشی دباؤ سے آزاد کر کے ایک انسان سمجھے۔ جب تعلقات کی بنیاد باہمی رضامندی ہو سکتی ہے، تو ختم کرنے کا اصول بھی باہمی احترام اور عزت ہونا چاہیے۔

بدلے کی آگ میں سلگتا ہمارا معاشرہ

ڈاکٹر بشال ندیم

پچھلے دنوں تربت میں جرنلسٹ شاہینہ شاہین بلوچ کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ وہ ایک آرٹسٹ، بلوچی میگزین کی ایڈیٹر اور ٹی وی ہوسٹ بھی تھیں۔ ابتدائی طور پر یہ سامنے آیا کہ اس کے سابقہ شوہر نے ہی اسے جان سے مار دیا۔ یعنی عزت کے نام پر ایک اور عورت جان سے گئی۔ ایک مرد سے یہ برداشت نہیں ہوا کہ اس سے علیحدگی کے بعد شاہینہ نہ صرف خوش تھی بلکہ اپنی زندگی میں آگے بھی جا رہی تھی۔

ابھی کچھ دن پہلے کراچی میں ایک موٹر سائیکل سوار کو روکا جاتا ہے، موبائل چھینا اور پھر گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ یہ بظاہر ڈکیتی کی واردات لگی، لیکن سی سی ٹی وی کی مدد سے پولیس نے ملزمان کو شناخت کیا تو کہانی کچھ اور ہی نکلی۔ مقتول کا نام مدیف تھا، جس کی کچھ عرصے قبل شادی ہوئی، اس کی ایک دوست تھی جس سے شادی کرنے کا وعدہ تھا، لیکن شادی کہیں اور کر لی۔ شادی کے بعد لڑکا لڑکی کو چھوڑنے پر تیار نہیں تھا، نہ ہی اس سے شادی کرنی تھی، بلکہ اسے اس کی تصویروں کے حوالے سے بلیک میل کرنے لگا، جب اس نے بھی آگے شادی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان سب سے تنگ آ کر لڑکی نے قتل کا منصوبہ بنا لیا۔ لڑکے کو مقررہ جگہ پر بلایا، وہاں اپنے دوست کو بھیجا، جس نے اپنے ایک اور دوست کی مدد سے ڈکیتی کی واردات کا رنگ دے کر جان سے مار دیا۔

کچھ سال پہلے ایک ایسا ہی واقعہ لیاری میں بھی ہوا تھا، جب پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہا تھا۔ ایک گھر سے بم بھٹنے کی آواز آئی۔ وہ دو کمروں پر مشتمل چھوٹا سا گھر تھا۔ دھماکے کی آواز بہت خطرناک تھی، اور اندر سے کسی مرد کے چلانے کی آواز مسلسل آ رہی تھی۔ ان دنوں دہشت گردی اپنے عروج پر تھی۔ لوگ ڈر گئے، اس لیے پولیس اور حساس اداروں کے آنے سے پہلے کوئی اندر نہیں گیا۔ پولیس کو اندر سے ایک آدمی زخمی حالت میں ملا۔ ابتدائی طور پر یہی پتہ چلا کہ گھر کے اندر دھماکہ خیز مواد موجود تھا، جس کے پھٹنے سے دھماکا ہوا۔ وہ گھر سیل کر دیا گیا اور کچھ دنوں کے بعد معاملے کی اصل حقیقت سامنے آئی، جس نے سب کو چونکا دیا۔ اس گھر میں فضل نامی آدمی رہتا تھا، جس کی دو سال پہلے اس کی والدہ نے شادی کروائی۔ جس سے شادی ہوئی وہ گھروں میں کام کرتی تھی۔ شروع میں سب ٹھیک چلا، لیکن پھر اس کی بیوی کو پتہ چلا کہ وہ نشہ کرتا ہے اور کام کاج بھی کوئی نہیں کرتا۔ اس لڑکی نے ساس کے ذریعے اس کو سمجھایا کہ وہ ایسے ناکارہ رہے گا تو گھر کیسے چلے گا، مگر فضل نے ایک نہ سنی۔ لڑائی جھگڑے اب اس گھر کا معمول تھے اور اچانک فضل کی ماں کی انتقال ہو گیا۔ مزید کچھ وقت گزرا مگر فضل میں کوئی تبدیلی نہ آئی۔ تنگ آ کر اس کی بیوی اپنے میکے چلی گئی، طلاق کا مطالبہ کر دیا اور اس میں اس کے گھر والوں نے بھی ساتھ دیا۔ ظاہر ہے کہ ایک شخص کے ساتھ کب تک گزارا کرتی۔ اب تک کوئی اولاد بھی نہیں تھی۔ فضل نے طلاق دینے سے منع کیا تو اس نے خلع لے لی، اور اپنی زندگی کو پھر سے شروع کر دیا۔

کچھ مہینوں بعد اس کے گھر والوں نے اس کی دوسری شادی کر دی، جہاں وہ بہت خوش تھی۔ فضل کو اس کی شادی کا پتہ چلا تو وہ بدلے کی آگ میں جلنے لگا۔ اس نے اپنے آوارہ دوستوں کی مدد سے دستی بم بنانے کا سامان لیا اور گھر میں ہی بم بنانے لگا۔ اس بم کو وہ اپنی سابقہ بیوی کیلئے بنا رہا تھا، اس بم کے ذریعے وہ اس کو تڑپا کر مارنا چاہتا تھا، مگر قدرت نے اس کے ناپاک ارادوں کو کامیاب نہیں ہونے دیا اور بم بنانے کے آخری مراحل کے دوران ہی پھٹ گیا۔ جس میں اس کی دونوں ٹانگیں ضائع ہو گئیں، اور کچھ عرصے بعد وہ خود بھی اپنی زندگی ہار گیا۔

ابھی کچھ دن پہلے ایک باپ نے اپنے بیٹے اور بہو کو غیرت کے نام پر جان سے مار دیا، جن کی دو مہینے پہلے ہی شادی ہوئی تھی۔ وجہ تھی ٹک ٹاک ویڈیو، جو اس کے بیٹے نے اپنی بیوی کے ساتھ بنائی اور وہ وائرل ہو گئی۔

اسی سال اگست میں لاہور میں ایک عورت کو اس کے سابقہ شوہر نے قتل کر دیا جب وہ اپنے آبائی گاؤں جا رہی تھی۔ کیونکہ اس نے دوسری شادی کر لی تھی اور بہت خوش بھی تھی۔ پولیس کی ابتدائی تفتیش کے مطابق اس قتل میں لڑکی کا باپ بھی شامل ہے۔ کیونکہ لڑکی کا پہلا شوہر اس کا کزن تھا، اس لیے اس کی طلاق سے اس کا باپ خوش نہیں تھا اور غیرت کے نام پر سابقہ داماد کے ساتھ مل کر بیٹی کو مروا دیا۔

رشتہ نہ دینے پر لوگ آپے سے باہر ہو جاتے ہیں۔ انہیں یہ اپنی توہین لگتی ہے اور بدلہ لینے کی کوشش کرتے ہیں کہ ہمیں انکار کیسے کر دیا۔ پاکستان میں عورتوں پر تیزاب پھینکنے کی سب سے بڑی وجہ رشتے سے انکار یا منگنی توڑ دینا ہے۔ اور انکار پاکستانی مرد سے برداشت نہیں ہوتا۔

ایک این جی او کے مطابق پاکستان میں 2007 سے 2018 تک عورتوں پر تیزاب پھینکنے کے 1485 واقعات رپورٹ ہوئے۔ دہشت گردی کیلئے قائم کی گئی خاص عدالتوں میں ایسے مجرموں کے خلاف کارروائی کا باقاعدہ آغاز 2012 سے کیا گیا، جو کہ مجرم کو سزا دلوانے کے عمل کو تیز کرتا ہے اور اس کی وجہ سے ایسڈ حملوں میں 2016 سے 2018 تک نصف کمی دیکھی گئی جو کہ حکومت کی کامیابی ہے۔

آپ نے بھی ایسے کئی واقعات کے بارے میں اخبارات، سوشل میڈیا کے ذریعے سے پڑھا ہوگا۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ان واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جو کہ بہت خطرناک ہے۔ آپ نے جب شادی رضامندی سے کی، یا والدین کی مرضی سے کی، دونوں ہی صورتوں میں یہ آپ کا ایک نجی فیصلہ ہے۔ اگر کسی وجہ سے یہ رشتہ نہیں چل پاتا تو دونوں کو ہی ہلکی خوشی اس رشتے سے نکل جانا چاہیے۔ ایک دوسرے کی زندگی کو جہنم نہ بنائیے۔ طلاق کا مطلب ہی یہی ہے کہ اب آپ کا اس شخص سے اب کوئی تعلق نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کسی وجہ سے لڑکا، لڑکی جو کہ شادی کرنا چاہیں، لیکن نہ ہو پائے تو اسے انا کا مسئلہ نہ بنائیے، بلکہ اپنی نئی زندگی کی شروعات کیجئے اور دوسرے کو بھی کرنے دیجئے۔

لیکن بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بڑھتی ہوئی عدم برداشت جہاں بہت سے مسائل پیدا کر رہی ہے، ان میں سے ایک بدلے کی آگ بھی ہے، جس میں ہمارا پورا معاشرہ سلگ رہا ہے۔ یہ کون سا بدلہ ہے جو دوسرے کی جان لینے سے کم ہوتا ہے۔ وہ زندگی جو اللہ نے عنایت کی، جس پر آپ کا کوئی حق نہیں ہے۔ حکومت کی جہاں ذمے داری ہے کہ ایسے دماغی مجرموں کو سخت اور فوری سزائیں دی جائیں، وہیں یہ ہماری معاشرتی ذمے داری بھی ہے کہ اپنے بچوں کو شخصی آزادی کا احترام کرنا سکھائیں۔ آخر کب تک یہ غیرت کے نام پر خون کی ندیاں بہاتے رہیں گے۔

عورت کے بارے میں ہماری نفسیاتی گرہیں کب کھلیں گی؟

پدرسری معاشرے کا مرد دوسرے مرد کو گالی بھی بکتا ہے تو مشق ستم عورت ہی ٹھہرتی ہے

ریپ کی ایک شکل ہمارے سامنے ہے اور پورا سماج اس پر سراپا احتجاج ہے۔ ہم اگر یہ چاہتے ہیں کہ یہ دکھ کسی اصلاح احوال کا نقش اول بن جائے تو ہمیں اس سوال پر غور کرنا ہوگا کہ عورت کے بارے میں جن گرہوں کے ہم اسیر ہیں وہ گرہیں کب کھلیں گی؟

پہلے یہ جان لیجیے کہ تعزیرات پاکستان میں ریپ کا مفہوم کیا ہے۔

تعزیرات پاکستان کی دفعہ 375 کے تحت کسی خاتون سے جسمانی تعلق کی پانچ صورتوں کو ریپ کہا جائے گا۔

یہ تعلق اس عورت کی مرضی کے خلاف قائم کیا گیا ہو۔

یہ تعلق اس کی مرضی کے بغیر قائم کیا گیا ہو۔ (پہلی صورت میں willher Against اور دوسری صورت میں consentherWithout کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں)۔

اس تعلق میں عورت کی رضامندی تو شامل ہو لیکن یہ رضامندی اس عورت کو موت یا جسمانی نقصان کے خطرے میں ڈال کر لی گئی ہو۔

یہ تعلق اس غلط فہمی کی بنیاد پر قائم ہوا ہو کہ عورت نے مرد کو اپنا خاوند سمجھا ہو اور مرد جانتا ہو وہ اس کا خاوند نہیں۔

یہ تعلق کسی ایسی لڑکی کے ساتھ قائم کیا گیا ہو جس کی عمر 16 سال سے کم ہو، چاہے اس میں اس لڑکی کی رضامندی شامل ہو یا نہ ہو۔

اب اپنے معاشرے پر ایک نگاہ دوڑائیے۔ ہمارے ہاں دانشوری کا عمومی میدان چونکہ سیاست قرار پایا ہے اس لیے سماجیات کے باب میں بے گانگی اور بے نیازی ہے۔ سماجیات البتہ جن کا موضوع ہے وہ جانتے ہیں کہ جبری شادیوں کے سماجی المیے نے کس طرح معاشرے کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے، اب ذرا ریپ کی تعریف کے پہلے دو اجزا پر ایک نظر ڈالیے اور بتایئے جبری شادی کو شادی کہا جائے گا یا ریپ؟

ہمارے ہاں دانشوری کا عمومی میدان چونکہ سیاست قرار پایا ہے اس لیے سماجیات کے باب میں بے گانگی اور بے نیازی ہے۔ سماجیات البتہ جن کا موضوع ہے وہ جانتے ہیں کہ جبری شادیوں کے سماجی المیے نے کس طرح معاشرے کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے، اب ذرا ریپ کی تعریف کے پہلے دو اجزا پر ایک نظر ڈالیے اور بتایئے جبری شادی کو شادی کہا جائے گا یا ریپ؟

پہلے دو اجزا پر ایک نظر ڈالیے اور بتایئے جبری شادی کو شادی کہا جائے گا یا ریپ؟

اب سوال یہ ہے ایک مقدس معاہدے میں ایک فریق کی مرضی ہی شامل نہ ہو، اسے محض برادری میں رشتہ کرنے اور جائیداد کو غیروں میں جانے سے روکنے کے لیے کسی ایسے فرد سے بیاہ دیا جائے جو اسے پسند ہی نہ ہو اور وہ اس سے نفرت کرتی ہو یا اس کے بھائی جان کسی کو قتل کر آئے ہوں اور بدلے صلح میں مقتول کے کسی عزیز سے اب اپنی بہن کو بیاہ رہے ہوں تاکہ وہ سزا سے بچ سکیں یا وہ نہ سہ میں کسی ناپسندیدہ آدمی سے اس کی شادی کرائی جا رہی ہو تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس نکاح کی کیا حیثیت ہے؟ ایسے نکاحوں کے بارے میں ہمارے ہاں حساسیت کیوں پیدا نہیں ہو سکی اور ہم نے ریپ کی ان شکلوں کو رواج کا درجہ کیوں دے رکھا ہے؟

پاکستان کا قانون یہ کہتا ہے کہ 16 سال سے کم عمر کی لڑکی سے جسمانی تعلق ریپ کہلائے گا اور اس بات کی کوئی اہمیت نہ ہو گی کہ اس میں اس کی رضامندی شامل ہے یا نہیں۔ سوال یہ ہے کہ 16 سال سے کم عمر کی لڑکی کی نکاح کے بارے میں سماج کا رویہ کیا ہے اور اس کی حساسیت کا عالم کیا ہے؟

نکاح اگر ایک معاہدہ ہے اور مقدس معاہدہ تو ایک نابالغ بچی اس معاہدے کی فریق کیسے بن سکتی ہے؟ معاہدہ وہ کر سکتا ہے جو بالغ ہو۔ جو بالغ ہی نہیں اور قانونی اعتبار سے معاہدہ کرنے کے قابل ہی نہیں اسے نکاح کے معاہدے کا پابند کیسے کیا جا سکتا ہے؟ نابالغ بچی نہ معاہدہ کرنے کے قابل ہے اور نہ اس قابل ہے کہ وظیفہ زوجیت ادا کر سکے۔ لیکن آئے روز ہم خبریں پڑھتے ہیں فلاں شہر میں ایسا نکاح ہو گیا اور پولیس نے نکاح خواں سمیت دلہا اور دیگر کو گرفتار کر لیا۔ سماج نے کبھی اس پر حساسیت نہیں دکھائی۔

قوانین تو موجود ہیں لیکن سماج کی گرہیں کیسے کھلیں گی؟ میاں بیوی کا تعلق ہی محبت کا تعلق ہے لیکن یہاں باہم انڈر سٹینڈنگ ہو تو سماج کے نزدیک وہ مرد 'رن مرید' قرار پاتا ہے۔ اخلاقیات کے سارے تصورات ہم نے لڑکیوں کے لیے رکھ چھوڑے ہیں اور ہم بھول گئے ہیں کہ مرد کو بھی نگاہ نیچی رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

پدرسری معاشرے کا مرد دوسرے مرد کو گالی بھی بکتا ہے تو مشق ستم عورت ہی ٹھہرتی ہے۔ گالی ماں بہن کی دی جاتی ہے اور بے تکلف دوستوں میں تو اسے ایک رواج کا درجہ حاصل ہے، روایتی گھرانوں میں بھی لڑکے کے سامنے درجنوں لڑکیوں کی تصاویر رکھ کر اس کی پسند معلوم کی جاتی ہے لیکن لڑکی اگر اپنی پسند زبان پر لے آئے تو اس کی یہ جسارت قابل برداشت نہیں۔

قانون کا تعلق استثنائی صورت حال سے ہوتا ہے لیکن تربیت ایک ہمہ جہت اور مسلسل عمل کا نام ہے۔ ایک حادثہ ہوا اور اس نے سماج کو ہلا کر رکھ دیا۔ لازم ہے کہ قانون اپنا راستہ بنائے اور مجرم کو قرار واقعی سزا ملے۔ لیکن بات یہاں ختم نہیں ہونی چاہیے۔ جس دکھ نے ہمیں گرفت میں لے رکھا ہے وہ اصلاح احوال میں تب ہی ڈھل پائے گا جب اسی یکسوئی کے ساتھ سماج کی تربیت کو بھی موضوع بنایا جائے گا۔

کیا ہم یہ بھاری پتھر اٹھائیں گے؟

معاشی انصاف نہ ہو تو جرائم جنم لیتے ہیں

سائرہ بتول

معاشی انصاف سے مراد معاشرے میں موجود تمام افراد کے لئے ایسے مواقع اور حالات پیدا کرنا ہے جس کے ذریعے وہ نہ صرف اپنی تمام بنیادی ضروریات باعزت طور پر پوری کر سکیں بلکہ اپنے رجحان کے مطابق تخلیقی اور بامقصد زندگی بسر کر سکیں۔ معاشی انصاف دراصل سماجی انصاف ہی کی ایک کڑی ہے۔ تمام انسانوں کی ذہنی اور جسمانی صلاحیتیں یکساں نہیں ہوتیں اور ہر انسان کا ماحول اور وراثت میں ملنے والی خصوصیات بھی مختلف ہوتی ہیں۔ اس لیے انفرادی کوشش اور محنت سے حاصل کردہ نتائج بھی یکساں نہیں ہو سکتے لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ چند لوگ تو عیش و آرام کی زندگی بسر کریں اور دیگر تمام لوگ دکھ اور تکلیف میں مبتلا رہیں۔

محنت اور بدلے کے درمیان توازن قائم کرنا انسانی فطرت کے عین مطابق ہے، اس سے نفس انسانی میں راسخ میلانات کے تقاضے بھی پورے ہوتے ہیں، مزید برآں اس سے انسان میں آزادی اور عزتِ نفس پیدا ہوتی ہے، شخصیت میں وقار پیدا ہوتا ہے، معاشی انصاف معاشرے میں امن کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ معاشرے میں بھائی چارے کا تصور کوئی معنی نہیں رکھتا جب تک انصاف نہ ہو۔ معاشی انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ دنیا کے تمام وسائل تمام انسانوں کی بھلائی کے لیے خرچ ہونے چاہئیں، بنیادی ضروریات کی فراہمی افراد کی محنت سے منسلک ہونی چاہیے، البتہ بوڑھے اور معذور لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنا حکومتِ وقت کی ذمہ داری ہے۔

محنت اور بدلے کے درمیان توازن قائم کرنا انسانی فطرت کے عین مطابق ہے، اس سے نفس انسانی میں راسخ میلانات کے تقاضے بھی پورے ہوتے ہیں، مزید برآں اس سے انسان میں آزادی اور عزتِ نفس پیدا ہوتی ہے، شخصیت میں وقار پیدا ہوتا ہے، معاشی انصاف معاشرے میں امن کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ معاشرے میں بھائی چارے کا تصور کوئی معنی نہیں رکھتا جب تک انصاف نہ ہو۔ معاشی انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ دنیا کے تمام وسائل تمام انسانوں کی بھلائی کے لیے خرچ ہونے چاہئیں، بنیادی ضروریات کی فراہمی افراد کی محنت سے منسلک ہونی چاہیے، البتہ بوڑھے اور معذور لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنا حکومتِ وقت کی ذمہ داری ہے۔

اگرچہ ہر انسان اپنی صلاحیت کے مطابق دولت کمانے اور رکھنے کا مجاز ہے مگر اہم ہے کہ دولت بامقصد کاموں میں خرچ کی جائے، مخلص نمود و نمائش کی خاطر رہے کا استعمال ایک ناپسندیدہ عمل ہے۔ اس کے معاشرتی سطح پر منفی اثرات رونما ہوتے ہیں۔ مثلاً شادی بیاہ پر امرا کی جانب سے دولت کی نمائش سے غربا احساسِ کمتری کے بوجھ تلے دب جاتے ہیں، پورے معاشرے پر اس طرح سے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں کہ اکثر لوگوں کے لیے اپنی بیٹیوں کی شادی کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا ایک مشکل کام بن جاتا ہے۔

اس ضمن میں ایک اضافی بات جو مشاہدے میں آتی ہے کہ آئیفل موبائل فون پر مختلف قسم کی لغو تھیلیں اشیا بھی بچوں کی سطح پر مقابلہ بازی جنم دیتی ہے۔ اس طرح کی کئی ایک مثالیں ہیں جو معاشرے میں آگے چل کر تفریق پیدا کرتی ہے۔ یوں بچے جسمانی ورزش سے دور ہو جاتے ہیں بلکہ ان میں ایک دوسرے سے ملنے جلنے کی عادت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ پس خدا کی عطا کردہ تمام نعمتیں تمام انسانوں کے لئے مسخر کی گئی ہیں، چند افراد کو ان پر قابض ہو کر باقیوں کو ان سے محروم کرنے کا حق حاصل نہیں، ورنہ معاشرہ جرائم جنم دیتا ہے اور قوانین کے اجرا کی ضرورت ہے۔

کھیلی جاتی ہیں جن پر کثیر لوگ اپنا قیمتی وقت اور پیسہ ضائع کرتے ہیں بلکہ بچوں کو ایکس باکس اور پلے سٹیشن جیسے مہنگے آلات بھی خرید کر دیتے ہیں، یہ شکست و ریخت کے شکار معاشرے دیگر قوموں کے مقابلے میں اپنا وقار اور پھر گزرتے وقت کے ساتھ اپنا وجود تک کھو دیتے ہیں۔

ٹریفک میں نظم وضبط کا فقدان اور حادثات

ٹریفک قوانین کی قانون شکنی سے منفی رویے جنم لے رہے ہیں

سعدیہ اسلم

اگر لفظ ''نظم وضبط'' پر غور کیا جائے تو اس کی اہمیت ہمیں اپنے چاروں طرف معلوم ہوگی۔ نظم وضبط ایک سلسلہ اور ترتیب کا نام ہے جو معاشرے کے نظام کو منظم اور مضبوط کرتا ہے اور جس معاشرے میں نظم وضبط کا وجود نہیں ہوگا وہاں افراتفری اور منفی نتائج نظر آئیں گے۔ یہ لفظ اپنے آپ میں بہت سی خوبیاں پروئے ہوئے ہے۔ عملی زندگی میں نظم و ضبط کی ایک مثال پاکستان کی سڑکوں پر دیکھیں تو حالات یکسر مختلف ہوں گے کیونکہ نظم وضبط کی غیر موجودگی حادثات کے بڑھنے کا باعث بن رہی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ آخر ہمیں سڑکوں پر نظم وضبط کی ضرورت ہی کیوں ہے؟ کیا آپ نے کبھی سوچا ہوگا کہ ایسے کون سے عوامل ہیں جو سڑکوں پر نظم وضبط کو قائم رکھ سکتے ہیں؟ پاکستان کی سڑکوں پر موجود مختلف رنگ وڈیزائن کی نئی لائنوں کے بارے میں بہت ہی کم لوگوں کو معلوم ہوگا۔ ہم اکثر روزانہ کام کے سلسلے کیلئے سڑکوں پر سفر کرتے ہیں اور مختلف رنگ وڈیزائن کی لائنوں کو دیکھتے ہیں۔ اکثر افراد کے ذہن میں یہ بات آتی ہوگی کہ ان کا کوئی مقصد نہیں۔ کچھ عرصہ پہلے تک میں بھی ایسا ہی سمجھتی تھی۔ حالانکہ یہ مختلف لائنیں سڑکوں پر نظم وضبط پیدا کرنے کا سبب ہیں۔ سڑکوں پر موجود مختلف رنگ وڈیزائن کی لائنوں کا مطلب جاننا بہت ضروری ہو چکا ہے اور کیسے ڈرائیور حضرات نظم وضبط پر قائم رہ کر حادثات سے بچ سکتے ہیں۔

سب سے پہلے اکثر شاہراہوں کے کناروں پر ''ایک لمبی زرد لائن'' بنی ہوتی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ یہاں پارکنگ کی اجازت ہرگز نہیں ہے۔ اگر سڑک پر ''تقسیم شدہ سفید لائن'' موجود ہے تو عموماً یہ سڑک مرکزی شاہراہ سے ذیلی سڑک میں تبدیل ہو جاتی ہے جبکہ غور کیا جائے تو آپ کو ان سڑکوں پر بہت کم ٹریفک ملے گی۔ اس لائن کا مطلب یہ ہے کہ آپ آرام سے ایک لائن سے دوسری لائن میں منتقل ہو سکتے ہیں۔ ایسا کرنے سے کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔

اگر آپ سڑک پر ''لمبی سفید لائن'' دیکھیں تو یہ ذیلی سڑک سے مرکزی شاہراہ کی طرف منتقل ہو جائے گی۔ جبکہ اس لائن سے مراد یہ ہے کہ آپ ایک لائن سے دوسری لائن پر منتقل نہیں ہو سکتے، اس پر آپ کو پابندی ہے۔ کیونکہ مرکزی شاہراہ پر ٹریفک معمول سے زیادہ ہوتی ہے، یک دم اوورٹیکنگ حادثات کو جنم دے سکتی ہے۔ آپ کو لائن میں اس وقت تک رہنا ہوگا جب تک ایک لائن دوسری لائن میں تبدیل نہ ہو جائے۔ سڑکوں پر ''تقسیم شدہ زرد لائن'' سے مراد یہ ہے ڈرائیور دوران ڈرائیو رنگ اپنی آگے والی گاڑی کو آرام سے اوورٹیک کر سکتا ہے، لیکن اس کے لیے احتیاط لازمی ہے۔ اوورٹیک کرنے سے پہلے اگلی یا پچھلی گاڑی کو اشارہ دینا بہت ضروری ہوتا ہے۔

سڑک پر ''دو انتظامی زرد لائنیں'' جب موجود ہوں تو اس سے مراد یہ ہے کہ ڈرائیور اپنی لائن میں رہ کر ہی ڈرائیونگ کریں، بلاوجہ اوورٹیکنگ کرنے پر پابندی ہے۔ کیونکہ یہ خطرناک عمل ہے۔ اس کے علاوہ ''ایک تقسیم شدہ اور ایک زرد لائن'' سے مراد یہ ہے کہ ڈرائیور ڈرائیونگ کے دوران دوسری گاڑی کو اوورٹیک کر سکتا ہے۔ ایسا عمل ذیلی سڑکوں پر ممکن ہے جبکہ مرکزی شاہراہ پر یہ عمل خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ جبکہ ''تقسیم شدہ زرد لائن'' سے مراد یہ ہے کہ ڈرائیور غیر معمولی احتیاط کے ساتھ اپنی اگلی گاڑی کو اوورٹیک کر سکتا ہے۔

سڑکوں پر موجود یہ رنگ و ڈیزائن حفاظت کیلئے بنائے گئے ہیں تاکہ حادثات کم سے کم ہو سکیں لیکن پاکستان میں ڈرائیور حضرات کو سڑکوں پر موجود ان لائنوں کا مطلب معلوم ہی نہیں ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ یہاں ڈرائیورز قانون شکنی کرنے میں ذرا بھی عار محسوس نہیں کرتے بلکہ اپنے ساتھ دوسروں کا بھی نقصان کروا لیتے ہیں، جبکہ ازالہ ناممکن ہے۔

اس کے علاوہ دوسرا نقطہ جو انتہائی اہم ہے وہ ڈرائیوروں کو معلوم ہی نہیں کہ انہیں کون سی لائن میں رہ کر ڈرائیونگ کرنی چاہیے۔ جیسے کہ عام طور پر سڑکوں پر دو یا تین لائنیں ہوتی ہیں، فرض کیا جائے کہ اگر سڑک پر تین لائنیں موجود ہیں تو وہ گاڑیاں جو دائیں طرف مڑنا چاہتی ہیں ان کو دائیں لائن پر ہونا چاہیے، جبکہ سیدھے راستے پر جانے والوں کو درمیان میں ہونا چاہیے، بائیں جانب مڑنے والوں کو ہمیشہ بائیں لائن پر ہونا چاہیے۔ تاہم، بسیں ہمیشہ بائیں لائن پر ہونی چاہئیں کیونکہ بس اسٹاپ سڑک کے بائیں جانب ہی واقع ہوتے ہیں۔

مرکزی شاہراہوں پر رفتار کے لحاظ سے وہ گاڑیاں جو آہستہ چلتی ہیں، جیسے کہ ٹرک، انہیں سڑک کے بائیں جانب ہونا چاہیے جبکہ تیز رفتار گاڑیوں کو سڑک کے دائیں جانب ہونا چاہیے۔ اوورٹیک کرتے وقت لائن میں تبدیلی کی اجازت ہے۔ آہستہ چلنے والی گاڑیوں کو اوورٹیک کرنے کے بعد واپس بائیں لین میں آنا ہوگا۔ تاہم عام طور پر مرکزی شاہراہوں پر یہ دیکھا جاتا ہے کہ ٹرک دائیں لین پر آہستہ آہستہ گاڑی چلاتے ہیں اور دوسرے ڈرائیوروں کو بائیں جانب سے پیچھے چھوڑ دیتے ہیں، جبکہ آہستہ چلنے والی گاڑیاں ٹریفک کی رفتار کو کم کرتی ہیں۔

ٹریفک قوانین کی قانون شکنی سے منفی رویے جنم لے رہے ہیں اور یہ منفی رویہ جات سڑکوں پر حادثات کو دن بدن بڑھا رہے ہیں۔ کیونکہ جب نظم وضبط کی پاسداری نہ ہو تو معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ سڑکوں پر نظم وضبط کی صورت حال پیدا کرنے کیلئے عوام میں شعور بیدار کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ جب تک شعور بیدار نہ کیا گیا تب تک حادثات کی شرح میں کمی ناممکن ہے۔



نئے کورونا وائرس سے ہونے والی بیماری کووڈ19 صرف معمر افراد کو ہی زیادہ متاثر نہیں کرتی بلکہ یہ نوجوانوں کو بھی بہت زیادہ نقصان پہنچا سکتی ہے۔

اس حوالے سے روزانہ ہی مختلف کہانیاں سامنے آتی ہیں، ایسی ہی ایک چونکا دینے والی داستان امریکا سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے بیان کی ہے۔

ٹیکساس سے تعلق رکھنے والی 24 سالہ خاتون پاؤلا کاسٹیلو کو 27 اپریل کو کورونا وائرس کی علامات جیسے کھانسی، سانس لینے میں مشکلات اور بخار کے ساتھ ہسپتال کے ایمرجنسی روم میں داخل کیا گیا تھا۔

اس وقت خاتون کا خیال تھا کہ یہ بیماری اسے متاثر نہیں کرسکتی اور اسی وجہ سے وہ احتیاطی تدابیر جیسے فیس ماسک کے استعمال سے دور تھی۔

سی بی ایس سے بات کرتے پاؤلا نے بتایا 'میں ہمیشہ لوگوں کے ارگرد رہتی تھی مگر میرا خیال تھا کہ میں ٹھیک ہوں، مجھے نہیں لگتا تھا کہ میں اس کا شکار ہوسکتی ہوں'۔

مگر 79 دن ہسپتال میں گزارنے کے بعد جہاں وہ موت کے منہ میں پہنچ گئی تھی، پاؤلا کا سٹیلو کو لگتا ہے کہ اس نے جان لیوا غلطی کی تھی۔

انہوں نے کہا 'شاید اگر میں نے ماہرین کی بات سن کر فیس ماسک کو پہن لیا ہوتا، تو میں ان سب سے بچ جاتی'۔

اس خاتون کو 15 جولائی کو ہسپتال سے خارج کیا گیا، جس کے دوران ایک مہینے سے زیادہ وقت آئی سی یو، وینٹی لیٹر اور سکون آور ادویات کو استعمال کرتے ہوئے گزارا۔ وینٹی لیٹر سے نکالے جانے کے بعد بھی ہسپتال میں بحالی نو کی تھراپی کے ذریعے روزمرہ کے عام کام جیسے چلنا، بات کرنا اور نگلنے کو سیکھا۔

اگرچہ مکمل بحالی کے عمل میں ابھی کافی وقت لگ سکتا ہے مگر ہسپتال کے گھنٹے نے خاتون کی ہمت کو سراہا۔

متعدد افراد کورونا وائرس کو زیادہ سنجیدہ نہیں لیتے اور اس بیماری کے نتیجے میں ہلاک ہوجاتے ہیں اور کچھ نے تو بستر مرگ پر پچھتاوے کا اظہار بھی کیا۔

ٹیکساس سے ہی تعلق رکھنے والے 30 سالہ شخص ایک کووڈ19 پارٹی میں شرکت کے بعد چل بسا اور موت سے چند لمحات قبل اس نے نرس کو کہا تھا 'میرے خیال میں مجھ سے غلطی ہوئی، میں نے سوچا کہ یہ ایک افواہ ہے، مگر ایسا نہیں تھا'۔

کیلیفورنیا سے تعلق رکھنے والے 51 سالہ ایک شخص نے جون کے آغاز میں ایک دعوت میں شرکت کی اور 20 جون کو وینٹی لیٹر پر جانے کے بعد چل بسا۔

اس نے بھی موت سے پہلے فیس بک پر پچھتاوے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا 'میری حماقت کی وجہ سے میں نے اپنی ماں، بہنوں اور خاندان کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال دیا، یہ ایک بہت تکلیف دہ تجربہ تھا'۔

کچھ متاثرہ افراد کے خاندانوں نے احتیاطی تدابیر جیسے فیس ماسک کو پہننے کی اہمیت پر بات کی۔

مثال کے طور پر ایریزونا سے تعلق رکھنے والا ایک

شخص 30 جون کو چل بسا اور اس کی بیٹی نے اس کی وجہ مقامی اور وفاقی سیاستدانوں کی جانب سے ریاست کو جلد کھولنا قرار دیا۔

14 جولائی کو امریکا کے ادارے سی ڈی سی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رابرٹ ریڈفیلڈ نے ہر ایک کے لیے فیس ماسک کے استعمال کا مطالبہ کیا تھا۔

ان کا کہنا تھا کہ ڈیٹا سے واضح ہے کہ فیس ماسک کا استعمال بچاؤ کا موثر طریقہ ہے، اگر ہر ایک ابھی ماسک پہننا شروع کردے تو میرے خیال میں کورونا وائرس کی وبا کو کنٹرول میں لاسکتے ہیں۔

فیس ماسک نہ پہننا مجھے موت کے منہ میں لے گیا!

مہنگائی، غربت، لاقانونیت اور جمہوریت

میمونہ حسین

چند روز قبل رات کے پچھلے پہر میرا گزر ایک پرانے محلے سے ہوا جس کے مکانات کی باہم ملی ہوئی دیواریں کو زیادہ اونچی نہ ہونے کے باعث پھلانگنا نہایت آسان تھا۔ اس وقت گلی میں روشنی بھی نہ ہونے کے برابر تھی مگر اتنی ضرور تھی کہ کسی آتے جاتے شخص کو باآسانی دیکھا جاسکتا تھا۔ میں نے ایک شخص کو گھر کی دیوار پھلانگ کر باہر آتے ہوئے دیکھا۔ اچانک ہی ''چور چور'' کا شور سنائی دیا اور گلی میں لوگوں کا ہجوم اکٹھا ہوگیا۔ دیوار پھلانگنے والا شخص جو واقعتاً چور ہی تھا، وہ بھی نہایت چالاکی سے ہجوم میں جا گھسا اور باقی لوگوں کے ساتھ چور، چور پکارنے لگا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شور سن کر سارا محلہ تو بیدار ہوگیا مگر چور نہایت چالاکی سے چور چور کی صدائیں لگاتا ہوا باآسانی وہاں سے نکل گیا۔ محلے کے سارے لوگ مایوس ہوکر اپنے اپنے گھروں میں چلے گئے۔

پچھلے 72 سال سے ہمارے عوام بھی یونہی مایوس ہوکر، سر پکڑ کر خاموش ہوجاتے ہیں۔ قارئین کو یاد ہوگا کہ اس سے قبل چور، چور کی صدا سے پہلے بھی ایک صدا بلند ہوئی تھی روٹی، کپڑا اور مکان۔ عوام تب بھی اس صدا کے پیچھے چل پڑے تھے اور آج عوام پھر چور، چور کی صدا پر چل پڑے۔ نہ عوام کو تب کچھ ملا تھا اور نہ ہی اب چور ملے گا۔ اب تو عوام سے یہ تینوں چیزیں روٹی، کپڑا اور مکان بھی چھن رہے ہیں۔ مگر یہ بات میں نہایت افسوس کے ساتھ کہہ رہی ہوں کہ ہمارے محترم وزیراعظم عمران خان، جن کو وزیراعظم بننے کی خواہش صرف اس لیے تھی کہ اس ملک سے غربت کا خاتمہ کرنا چاہتے تھے، پڑھے لکھے نوجوانوں کو نوکریاں دینا چاہتے تھے، وہ صرف پاکستانیوں کو ہی نہیں بلکہ پاکستان سے باہر کے لوگوں کو بھی نوکریاں دینا چاہتے تھے کہ پاکستان سے باہر کے لوگ یہاں نوکریاں تلاش کرنے آئیں گے۔ یہ خواب تو بہت خوبصورت تھا، لیکن تھا یہ خواب ہی جو 2 ہی سال میں ٹوٹ گیا۔

ان دو برسوں میں یوں لگا کہ ''غربت مکاؤ'' مہم سے زیادہ ''غریب مکاؤ'' مہم شروع ہوچکی ہے، کیونکہ پاکستان میں روزانہ کی بنیاد پر مہنگائی میں اضافہ ہی ہوتا چلا جارہا ہے۔ اب اس کا بھی حل ہمارے وزیراعظم نے آٹر نکال ہی لیا کہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے ان کی مدد تائیگر فورس کرے گی۔ وزیراعظم عمران خان کی اس بات پر میں ہنسوں یا روؤں کچھ سمجھ نہیں آرہا۔ ریاست اداروں کا مجموعہ ہوتی ہے اور سارے ادارے حکومت کے زیر ہوتے ہیں۔ جب کہ مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے نہ صرف حکومت بے بس نظر آرہی ہے بلکہ انہی کے ماتحت پرائس کنٹرول کمیٹی کے ممبران میں اتنی اہلیت ہی نہیں کہ وہ حکومت کو کوئی مشورہ دے سکیں کہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کیسے کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

پاکستان میں حد درجہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے نہ صرف عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے بلکہ کاروبار پر بھی منفی اثرات نمایاں ہورہے ہیں۔ اس وقت پاکستان میں اقتصادی ترقی کی شرح اس حکومت میں آدھی رہ گئی ہے، جس کی اہم وجہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔ حکومت کا شاید اس طرف دھیان نہیں یا وہ دھیان دینا نہیں چاہتے۔ کہ جو گیا وہ پی ٹی آئی کا پہلے 90 دن کا پلان؟ ہماری قوم کی یادداشت بہت کمزور ہے، جس کا یہ لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

پاکستان ایک زرعی ملک ہے، باوجود اس کے کہ یہاں کاشتکاری پر توجہ دے کر چیزوں کو سستا کیا جاتا، مگر گندم کو دوسرے ممالک سے منگوایا جارہا ہے۔ جو گندم منگوائی گئی وہ کیڑا لگنے کی وجہ سے کراچی نے تو لینے سے انکار کردیا تھا مگر اس میں سے کچھ حصہ پنجاب میں بھیجا گیا۔ بجائے اس کے کہ جہاں سے گندم منگوائی گئی واپس بھیج کرتے یا انہیں واپس بھیجی جاتی، مگر بے حسی کی انتہا کہ باقی گندم سمندر برد کردی گئی۔ اس کارنامے کے بعد ان چند مہینوں میں ہماری مقامی گندم کی قیمت آسمان کو چھونے لگی اور گندم 2400 روپے من ملنے لگی۔ قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے آٹے کی قیمت میں 18.5 فیصد اضافہ ہوا۔ مجھے تو یوں محسوس ہورہا ہے کہ اس ملک میں عزت سستی اور روٹی مہنگی ہونے جارہی ہے۔

میں یہاں زیادہ چیزوں کا ذکر نہیں کروں گی، صرف بنیادی اشیائے ضروریہ کی ہی بات کروں گی جو روزانہ کی بنیاد پر امیر کو بھی چاہیے اور غریب کو بھی۔ ان چند مہینوں میں سبزیاں 17 فیصد، گھی 22 فیصد، کوکنگ آئل 17 فیصد، چینی 45 روپے فی کلو سے مہنگی ہوکر سو روپے فی کلو ہوچکی ہے۔ پیاز 19.59 فیصد مہنگے ہوئے اور ٹماٹر تو 100 فیصد مہنگے ہوئے ہیں۔ یہ وہ چیزیں ہیں جس کی ضرورت ہر طبقے کو ہوتی ہے، مگر میں یہاں واضح کرتی چلوں کہ ایک امیر طبقہ خوراک پر اپنی آمدنی کا 20 یا 30 فیصد حصہ خرچ کرتا ہے مگر ایک متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والا آدمی اپنی آمدنی کا 70 سے 80 فیصد تک خرچ کرتا ہے۔

اس ساری صورتحال میں اس وقت بھی حکومتی پالانگ کہیں دکھائی نہیں دیتی۔ پاکستان کی موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے تین طرح کے فوری اقدام کرنے چاہئیں۔ ایک یہ کہ حکومت کس طرح عام شہریوں کی اقتصادی قوت کو بڑھائے تاکہ عوام کے پاس مالی وسائل زیادہ ہوں۔

دوم پاکستان میں گھریلو صنعت کاری کو فروغ دیا جائے تاکہ فوری طور پر بے روزگاری کو قابو میں لایا جاسکے اور معیشت کو بھی تقویت ملے۔ سوم جو سب سے اہم اور بڑی وجہ شرح سود میں کمی لائی جاسکے۔ کیونکہ صنعتی طبقے پر قرضے اتنے زیادہ ہوگئے ہیں کہ کاروباری طبقہ اپنی فیکٹریاں بند کرنے پر مجبور ہے۔

مہنگائی کے اثرات نے جہاں صنعتوں پر منفی اثرات ڈالے ہیں، وہیں لاقانونیت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ جمہوریت کا حسن تو یہ ہے کہ وسائل کی تقسیم اوپر سے نیچے تک ہوتی ہے مگر پاکستان میں ایسا کچھ ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔ غیر منصفانہ تقسیم کے باعث معاشرے میں غربت، بے چینی، مایوسی، افراتفری پھیلی ہے اور بے روزگاری کے باعث چوری، قتل، دھوکا دہی، ریپ کیسز اور دیگر جرائم میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اور ان سارے مسائل کی ایک ہی جڑ مہنگائی اور غربت ہے۔

آئی ٹی اور پاکستان

سالار سلیمان

دنیا میں کمپنیاں بنتی ہیں، کاروبار کرتی ہیں، نفع نقصان کا حساب ہوتا ہے اور پھر وہ ایک وقت کے بعد ختم ہو جاتی ہیں۔ لیکن کچھ کمپنیاں ایسی ہوتی ہیں جو بائیوں سے کام کر رہی ہوتی ہیں۔ ان میں سے کچھ ایسی ہوتی ہیں جنہیں مارکیٹ میں نصف صدی سے زیادہ ہو چکا ہوتا ہے اور ایسی کمپنیاں جو اپنے کاروباری دورانیے کے سو سال مکمل کر چکی ہوتی ہیں، وہ بہت کم ہوتی ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ اندرون لاہور کھانے پینے، چمڑہ رنگنے، لوہے سمیت ایسے کئی کاروبار آپ کو مل جائیں گے جو کم از کم 80 سال پرانے ہیں لیکن وہ گمنام بھی ہیں اور انہیں اتنے عرصے بعد منافع کی جس سطح پر ہونا چاہیے، یہ اُس کے آس پاس بھی نہیں ہیں؟ یہ وجہ سوچ کا فرق، ترقی کی خواہش کی عدم موجودگی ہے۔

دنیا گزشتہ دہائی میں بہت تیزی سے آئی ٹی کے بزنس کی جانب جا چکی ہے۔ لیپ ٹاپ اور موبائل فون کسی وقت میں لگژری سمجھا جاتا تھا، یہ آج ضرورت ہے۔ ان کے بغیر زندگی گزارنا ایک مشکل کام ہے اور جیسے جیسے دنیا ڈیجیٹل اور اسمارٹ ہوتی جا رہی ہے، ویسے ویسے ان کی اہمیت ہماری زندگی میں بڑھتی جا رہی ہے۔ فیس بک اور ٹویٹر آپ کے قومی شناختی کارڈ کے بعد دوسری شناخت ہیں۔ پاکستان میں ایسی کئی کمپنیاں موجود ہیں جنہوں نے گوگل اور فیس بک کا درست استعمال کیا اور آج وہ کروڑوں نہیں بلکہ اربوں روپے کا کاروبار کر رہی ہیں۔

دنیا میں ایسی کمپنیاں بھی موجود ہیں جنہوں نے مارکیٹ کے بدلتے ہوئے ٹرینڈز کا صحیح اندازہ نہیں کیا اور پھر وہ ختم ہو گئیں یا بزنس میں بہت پیچھے چلی گئیں۔ میری خواہش ہے کہ پاکستان بھر کے بزنس اسکولز میں یا ہو، انٹی ٹی سی، بلیک بیری، نوکیا، گوگل پلس، گوگل آرکٹ، مائی اسپیس کو بطور کیس اسٹڈی پڑھایا جائے اور دوسری جانب لوہٹر، فیس بک، ایمازون، بیدو وغیرہ کو بھی بطور کیس اسٹڈی پڑھایا جائے۔

سافٹ ویئر اور آئی ٹی کے کاروبار کا مستقبل کیا ہے۔ اس بات کا اندازہ اس سے لگائیے کہ ہمارے دونوں ہمسائے جس شعبے پر سب سے زیادہ توجہ دے رہے ہیں وہ آئی ٹی ہے۔ ڈیجیٹل انڈیا کی مہم تو ابھی چند سال قبل کی بات ہے۔ 2019 میں بھارت کا آئی ٹی سیکٹر سے ریونیو 130 ارب ڈالر تھا۔ دنیا جہاں کی آئی ٹی کمپنیاں بھارت میں موجود ہیں۔ دنیا بھر کے ٹاپ سی ای اوز بھارتی نژاد ہیں۔ نامور اسٹور وال مارٹ نے فلپ کارٹ کے ساتھ بھارت سے 2019 میں 6 ارب ڈالر سے زائد کمائے تھے۔ یہ اتنی رقم ہے جتنی پاکستان کو 2018 میں آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ کی مد میں چاہیے تھی۔ بھارت میں ہی ریل گاڑی کی ٹکٹ بکنگ سروس کی ویب سائٹ نے 2019 میں 38 ملین ڈالر سے زائد کاریونیو کمایا تھا۔

چین کی جانب دیکھیے۔ 2018 میں چین کا آئی ٹی سے ریونیو 118 ارب ڈالر تھا۔ 2020 کی پہلی ششماہی میں چین کی سافٹ ویئر انڈسٹری 3.56 ٹریلین یوان یعنی 508 ارب ڈالر تک جا پہنچی ہے۔ یہ گزشتہ سال کی نسبت 6.7 فیصد کا اضافہ ہے جبکہ متعلقہ دورانیے کا 12.9 فیصد اضافہ بنتا ہے۔ چین نے گوگل کے مقابلے میں اپنا سرچ انجن بیدو بنایا۔ اس کمپنی نے 2019 میں 15 ہزار ملین ڈالر سے زائد کاریونیو کمایا تھا۔ علی بابا نے 2019 میں 23 ہزار ملین ڈالر جبکہ ہواوے نے 121 ارب ڈالر سے زائد کمائے تھے۔

دوسری جانب ہماری حالت دیکھیے۔ ہم ابھی خواب سے جاگے ہیں، اب ہم انگڑائی لیں گے اور پھر دوڑ میں حصہ لیں گے۔ جبکہ دنیا اس دوڑ میں ہمیں کافی پیچھے چھوڑ چکی ہوگی۔ پاکستان جس اسپیس پروگرام پر اب کام شروع کر رہا ہے، دنیا اس سے اگلی ٹیکنالوجی پر کام شروع کر چکی ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم دنیا سے 50 سے 70 سال پیچھے چل رہے ہیں جبکہ ہمارے ہمسائے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔

پاکستانی معیشت کی کل مالیت تقریباً 284 ارب ڈالر ہے۔ 2017 تا 2018 میں ہماری شرح 5.5 فیصد تھی، جو کم ہو کر 2018 تا 2019 میں 1.9 فیصد ہوئی اور اس سال منفی میں ہوگی، جس کا اندازہ منفی 2.6 فیصد ہے۔ پاکستان نے 2018 تا 2019 میں صرف 540 ملین ڈالر کا آئی ٹی کا کام کیا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم صلاحیت ہونے کے باوجود بھی اتنا پیچھے ہیں؟ یہ سالانہ صرف 3.8 فیصد کی بڑھوتری ہے، جسے کم از کم 16 فیصد تک ہونا چاہیے تھا۔ کیوں ہماری سافٹ ویئر ایکسپورٹ صرف ایک ارب ڈالر تک ہے جبکہ ہم میں صلاحیت 6 ارب ڈالر کی ہے؟ کیا وجہ ہے کہ حکومت سمیت وہ سب ادارے جو کچھ کر سکتے ہیں، وہ یہاں توجہ ہی نہیں دے رہے۔ جس کے نتیجے میں پاکستانی ذہین دماغ باہر چلا جاتا ہے۔ ہمارے اوائیلیوں کے سسٹر ہی نہیں بنے ہوئے جس کے نتیجے میں ایشیا کا سارا آئی ٹی اور سافٹ ویئر کا کام چین، بھارت سمیت دیگر ممالک کے پاس چلا جاتا ہے اور ہم بیٹھ کر صرف آہیں بھرتے ہیں۔

دنیا کا مستقبل آرٹیفیشل انٹیلی جنس، بلاک چین اور نیٹ ورکنگ کے ساتھ ہے۔ دنیا کا مستقبل ڈیجیٹل ہے۔ جو بھی ممالک آج ان شعبوں میں کام کر رہے ہیں، وہ کل کو راج کریں گے۔ ان کی دنیا پر حکومت ہوگی۔ اگر ہم نے آج اس حقیقت کو نہ پہچانا تو کل بھی ہم یہی کہہ رہے ہوں گے "جو کروا رہا ہے، امریکا کروا رہا ہے" یا "یہ سب یہود و نصاریٰ کی سازش ہے تاکہ مسلمان غلام بن کر رہ سکیں"۔

خودکشی مسائل کا حل نہیں

ڈاکٹر میشال نذیر

جب سے یہ کورونا آیا ہے، ایک طرف تو زندگی تھم سی گئی، تو دوسری طرف اس سے ہونے والی اموات نے پوری دنیا میں غم کی فضا قائم کردی ہے۔ سب ہی منتظر ہیں کہ زندگی کی رونقیں کب بحال ہوں گی۔ اس سب میں آپ نے پوری دنیا سے مختلف شعبوں سے وابستہ لوگوں کی خودکشی کرنے کے بہت سے واقعات کے بارے میں سنا ہوگا۔ جب کوئی اپنا کسی بھی وجہ سے اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو صبر آجاتا ہے۔ یہ ایک قدرتی چیز ہے کہ سب نے جانا ہے، مگر جب کوئی خود ہی اپنی زندگی کا خاتمہ کرتا ہے، تو ان کے گھر والے کس اذیت سے گزرتے ہیں، یہ ہم اندازہ بھی نہیں کر سکتے۔

کچھ مہینے پہلے ایک خاتون نے اپنے اکلوتے بیٹے کی خودکشی کے بارے میں بتایا، جو کہ خود بچے سے ماہر نفسیات ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کا بیٹا خوش تھا، پڑھائی میں ٹھیک تھا، معاشی لحاظ سے بھی کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ ایک دن اچانک یونیورسٹی سے آکر اس نے خودکشی کرلی۔ ان کے محلے کی مسجد کے مولوی نے ان کے بیٹے کا نماز جنازہ پڑھانے سے ہی انکار کردیا، کیونکہ ان کے بیٹے نے خودکشی کی تھی۔ پھر اگلا مرحلہ رشتے داروں اور محلے والوں کے تیکھے سوال کہ ایسا کیا کردیا کہ خودکشی کی نوبت آگئی، وہ اب تک سہنے پر مجبور ہیں۔

میں جب امریکا میں تھی تو مجھے وہاں دل کے بڑے سرجنز میاں بیوی کے بارے میں پتہ چلا، جو ایک شادی میں مدعو تھے۔ وہ دونوں دل کے ڈاکٹر، انڈیا سے تھے۔ امریکا میں خوب نام بنایا، ان کے دو بچے تھے، بیٹا کمار اور بیٹی مینا۔ بیٹے نے امریکا میں ہی گوری سے شادی کی، مگر جلد ہی ان کے گھریلو جھگڑے شروع ہوگئے۔ جب شادی محبت کی ہو، تو نباہنا تو پڑتا ہے، پھر چاہے لوگوں کو دکھانے کیلئے ہی کیوں نہ ہو۔ وہاں شادی کرنا ایسا ہی ہے کہ شادی چل گئی تو چاند تک، نہیں تو رات تک۔ شادی کو پانچ سال ہوگئے، دو بچے بھی ہوگئے، مگر ان کے جھگڑے کم نہیں ہوئے۔ اور پھر ایک صبح کمار آفس کیلئے گھر سے نکلا، اور اپنی ہی گاڑی میں خود کو گولی ماری۔ اس کی موت کے بعد اس کے والدین اپنے پوتے اور پوتی تک سے نہیں مل سکتے، کیوں کہ ان کی بہو ملنے نہیں دیتی۔ وہاں کے قانون کے مطابق یہ ماں کی مرضی ہے کہ وہ بچوں کو دادا، دادی سے ملنے دے یا نہ ملنے دے۔ اس سانحے کے کوئی دو سال بعد ان کی بیٹی نے خود کو اس وقت گولی مار کر خود کی جان لے لی، جب اس کی بارات کا دن تھا، اور شادی بھی اس کی پسند کی تھی۔ اس جوڑے کے پاس نام، شہرت، پیسہ، سب ہے مگر اولاد کا سکھ نہیں ہے۔ اس لیے وہ مل کر اب اپنے ملک کے بچوں کیلئے فلاحی کام کرتے ہیں اور انہوں نے اپنی جائیداد اسی کام کیلئے وقف کردی ہے۔

ابھی پنجاب کے ایک علاقے میں ایک خاتون کی شوہر سے فون پر لڑائی ہوئی، جو کہ باہر رہتا تھا۔ اس خاتون نے اپنی تینوں بچیوں سمیت نہر میں چھلانگ لگادی۔ خود تو بچ گئی مگر بچیاں جانبر نہ ہوسکیں۔ ایک بچے نے تیم کی وجہ سے جان دی، تو دوسری طرف لڑکے لڑکی نے مل کر جان دی کیونکہ ان کی فیملیز ان کی شادی کے خلاف تھیں۔ ابھی ظفروال کے علاقے میں ایک باپ نے غربت سے تنگ آکر تین بچوں سمیت زہر پی لیا۔ ابھی کراچی میں ڈاکٹر بابا کی خودکشی کا معاملہ سامنے آیا، جو کہ ڈاکٹر ہونے کے ساتھ سوشل میڈیا پر ماڈل کے طور پر کافی ایکٹو تھی۔ ابتدائی تحقیق کے مطابق اس کے والد کے ساتھ اختلافات تھے اور اس کا قریبی دوست اسے اس کی کچھ تازہ تصاویر کیلئے بلیک میل کررہا تھا۔ سچائی سامنے آنے میں وقت لگے گا، مگر وہ اب واپس کبھی نہیں آئے گی۔ ایسے پتہ نہیں کتنے ہی واقعات آپ کی نظروں سے گزرے ہوں گے۔ ہمارے لیے یہ محض ایک خبر ہوتی ہے، مگر جس گھر میں یہ المناک موت ہوتی ہے، ان کی حالت کا ہم اندازہ بھی نہیں کرسکتے۔

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی رپورٹ کے مطابق پوری دنیا میں سالانہ 8 لاکھ لوگ خودکشی کرتے ہیں۔ یعنی ہر 40 سیکنڈ میں ایک خودکشی۔ اور پوری دنیا میں 15 سے 29 سال کے لوگوں کی موت کی دوسری بڑی وجہ خودکشی ہے۔ ڈبلیو ایچ او کی 2016 کی ایک رپورٹ کے مطابق خودکشی کا سب سے زیادہ رجحان یورپ میں رہا، اور دوسرے نمبر پر ساؤتھ ایسٹ ایشیا کا رہا۔ ڈیلی میل، لندن میں 11 اپریل 2020 کو جرمنی میں کیا گیا ایک سروے آرٹیکل ''کون سے گروپ کے لوگ زیادہ خوش رہتے ہیں'' شائع کیا گیا، جس میں 67,500 لوگوں کا انٹرویو کیا گیا۔ اس سروے کے مطابق جو لوگ مذہب کو مانتے ہیں، وہ طحد یعنی کوئی بھی مذہب نہ ماننے والوں کے مقابلے میں زیادہ خوش ہوتے ہیں، اور مذہب ماننے والوں میں سب سے زیادہ خوش مسلمان اور دوسرے نمبر پر عیسائی ہیں۔ ہم وہ خوش نصیب ہیں جو مسلمان پیدا ہوئے، وہ دین جو کہ مکمل ضابطہ حیات ہے، مگر ہمارے ہاں بھی اب خودکشی کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے۔

ہمارے ہاں خودکشی کی وجوہات میں غربت، پڑھائی میں اچھے گریڈ نہ لانا، گھریلو جھگڑے، پسند کی شادی نہ ہونا، ڈپریشن اور آج کل سائبر کرائمز کے ذریعے لڑکیوں کو تصاویر یا ویڈیوز کیلئے بلیک میل کرنا وغیرہ شامل ہیں۔

خودکشی کسی بھی حالت میں جائز نہیں ہوسکتی، کتنے ہی مشکل حالات کیوں نہ ہوں، مسائل کا سامنا کیجئے، ان سے بھاگیں نہیں۔ زندگی میں بہت دوست ہونا بالکل بھی ضروری نہیں ہے، بس ایک اچھا دوست ہی کافی ہے، جس سے آپ دل کی ہر بات کہہ سکیں۔ کیونکہ جب دل پر مسائل، مشکلات اور پریشانیوں کا بوجھ بڑھ جاتا ہے، تبھی دماغ آپ کو زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا کرتا ہے اور دماغ ایسے کیمیکل پیدا کرتا ہے جو آپ کو خودکشی کرنے پر اکساتے ہیں۔ اس لیے دل پر بوجھ نہ بننے دیجئے۔ اور اس کا سب سے آسان نسخہ اللہ کو یاد کرنا، اس کا شکر کرنا اور اس پر بھروسہ کرنا ہے۔

کیسے ہی حالات کیوں نہ ہوں، صبر اور شکر کا دامن کبھی بھی نہ چھوڑیے۔ ہر انسانی زندگی عروج اور زوال کی داستان ہے، اور یہ دونوں کسی کی زندگی میں زیادہ دیر نہیں ٹکتے۔ اور ان میں سے کس کا دورانیہ زیادہ ہوگا، یہ سراسر خود انسان پر منحصر ہے کہ وہ ان کو ڈیل کیسے کرتا ہے، تو جو بویا وہی سکندر۔

ABC CERTIFIED

Pakistan's 1st Human Rights Educator

13 YEARS

Service to Human Rights Publications

HUMAN RIGHTS POST

HRP

Vol:13 Issue 12 December 2020



Why female child seems burden in patriarchal society?



Marry Before Your House is Swept Away

Child Marriage in Bangladesh

The REAL face of COVID-19 in Pakistan

Regd:SS-No.12660

Marry Before Your House is Swept Away

Child Marriage in Bangladesh

"This is a place affected by river erosion," Azima B.'s parents told her, explaining why she had to marry at age 13. "If the river takes our house it will be hard for you to get married so it's better if you get married now." Azima said that people in the community had been "shaming her" for still being unmarried because she is tall and looks old for her age. "I protested a lot to my parents but they said, 'It is a shame for us to keep you in the house.' I wanted to continue my education, but my mother said, 'Your father has fixed your marriage and if you don't listen to your father, people will say what kind of girl is that who doesn't listen to her father?'"

Azima said, "I am the oldest and only after I get married can [my sisters] think about getting married. If the river takes the house it will be hard for them to get married." Azima's sisters are ages 12, 10, and 8 years old; her parents are now considering a marriage for the 12-year-old.

Azima married a 17-year-old boy three days after his parents decided she was an acceptable bride.

"They've already asked me to have children," Azima, now age 14, said of her in-laws. "I live in their house—I have to keep them happy. My husband has also asked me to have children. I said I wanted to wait for two years, but they said, 'No, you should have children now.' So I guess I will have to have children now."

